بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مِصباحُ القرآن

قَدْ اَفْلَحَ 18

پروفیسر عبدالرّحمٰنؒ طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیتُ القرآن

لاہور۔ پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

قَدْ اَفْلَحَ 18

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول.................. جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "Book Developer" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمد للہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
C-1 سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چونگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کررہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہوسکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی ''یٰٓاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ'' کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعدازاں فَلْیُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ ''مصباح القرآن'' پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمہ ٔصافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ ''ایک مثالی زندگی'' کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقہ ٔحیات، یارغار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی ''کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ'' کی صورت جس پر ''لَقَدْ کَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ'' کی خدائی مہرتصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ ''آیاتِ قرآنیہ'' کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہ' اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جاسکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک ''طرح'' جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ ''مصباح القرآن'' میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی ''نفسیاتی وحشت'' دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ ''مصباح القرآن'' جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنادیا ہے۔ ''مصباح القرآن'' کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ ''مصباح القرآن'' کے اس سلسلہ ٔاشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجاطور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ ''بیت القرآن'' اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَیْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرِ نظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات و مسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاجِ دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی و مطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرضِ مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف و اکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاءاللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرضِ مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیرِ اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کرکے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کردیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہوکر خود بخود یاد ہوجاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بناکر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہوچکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتادیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیشِ نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاء اللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبولِ عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہلِ خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کارِ خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر ومغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" (لانگ کورس) اور "معلم القرآن" (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل "مفتاح القرآن" اور "معلم القرآن" کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اٰيَاتُهَا: 118 — 23 سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ 74 — رُكُوْعَاتُهَا: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ [1]	اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ [2] ۙ (1)	الَّذِيْنَ	هُمْ [3]	فِيْ صَلَاتِهِمْ [4]
یقیناً	فلاح پا گئے	سب ایمان لانے والے	جو	وہ سب	اپنی نماز میں

خٰشِعُوْنَ [5] ۙ (2)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ [3]	عَنِ اللَّغْوِ
سب خشوع کرنے والے (ہیں)	اور	جو	وہ سب	لغویات سے

مُعْرِضُوْنَ [2] ۙ (3)	وَالَّذِيْنَ	هُمْ [3]	لِلزَّكٰوةِ [6][7]	فٰعِلُوْنَ [5] ۙ (4)
سب اعراض کرنیوالے (ہیں)	اور جو	وہ سب	زکوۃ کو	سب ادا کرنیوالے (ہیں)

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ [3]	لِفُرُوْجِهِمْ [6][4]	حٰفِظُوْنَ [5] ۙ (5)
اور	جو	وہ سب	اپنی شرمگاہوں کی	سب حفاظت کرنے والے (ہیں)

اِلَّا	عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ [4]	اَوْ	مَا	مَلَكَتْ [7]
مگر	اپنی بیویوں پر	یا	جو	مالک بنے

اَيْمَانُهُمْ [4]	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ	مَلُوْمِيْنَ ۚ (6)	فَمَنِ [8]
ان کے دائیں ہاتھ	تو بلاشبہ وہ	نہیں	سب ملامت کیے ہوئے	پھر جو

ابْتَغٰى	وَرَآءَ ذٰلِكَ [9]	فَاُولٰٓئِكَ [9]	هُمُ الْعٰدُوْنَ [10] ۚ (7)
تلاش کرے	اِس کے علاوہ	تو وہ (لوگ)	ہی سب حد سے تجاوز کرنے والے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ [3]	لِاَمٰنٰتِهِمْ [6][4]	وَ	عَهْدِهِمْ [4]
اور	جو	وہ سب	اپنی امانتوں کا	اور	اپنے عہد کا

رٰعُوْنَ ۙ (8)	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ [3]	عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ [4]
سب لحاظ رکھنے والے	اور	جو	وہ سب	اپنی نمازوں پر

يُحَافِظُوْنَ [11] ۘ (9)	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْوٰرِثُوْنَ [10][5] ۙ (10)	الَّذِيْنَ
وہ سب خوب حفاظت کرتے ہیں	وہ (لوگ)	ہی سب وارث	جو

يَرِثُوْنَ	الْفِرْدَوْسَ [12] ط	هُمْ [3]	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ [5] (11)
وہ سب وارث ہوں گے	فردوس (کے)	وہ سب	اس میں	سب ہمیشہ رہنے والے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

[2] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے۔

[4] هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[5] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[6] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

[7] ة اسم کے آخر میں اور تْ فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[8] مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

[9] ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ یہ تینوں علامتیں اشارہ بعید کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ ان کا اصل ترجمہ وہ یا اُس یا اُن ہوتا ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس یا اِن بھی کر دیا جاتا ہے۔

[10] هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[11] محافظت میں مبالغے کا معنی پایا جاتا ہے اس سے مراد ہے کہ نماز ہمیشہ ادا کرنا اور ہر نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا ہے نماز کو وقت پر ادا کرنا اللہ تعالیٰ کو اعمال میں سب سے زیادہ محبوب عمل ہے۔

[12] فردوس لغت میں وسیع باغ کو کہتے ہیں جس میں کئی قسم کے باغات ہوں جن میں ہر طرح کے پھلدار درخت ہوں یہ جنت اعلیٰ جنت ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اٰيَاتُهَا: 118 | 23 سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ 74 | رُكُوْعَاتُهَا: 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿1﴾	یقیناً ایمان والے فلاح پا گئے۔ ﴿1﴾
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ	وہ جو اپنی نماز میں
خٰشِعُوْنَ ﴿2﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ	خشوع کرنے والے ہیں۔ ﴿2﴾ اور وہ جو
عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ﴿3﴾	لغویات سے اعراض کرنیوالے ہیں۔ ﴿3﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ﴿4﴾	اور وہ جو زکوۃ کو ادا کرنے والے ہیں۔ ﴿4﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ	اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی
حٰفِظُوْنَ ﴿5﴾	حفاظت کرنے والے ہیں۔ ﴿5﴾
اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ	مگر اپنی بیویوں پر
اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ	یا جن (کنیزوں) کے ان کے دائیں ہاتھ مالک بنے
فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿6﴾	تو بلاشبہ وہ ملامت کیے ہوئے نہیں ہیں۔ ﴿6﴾
فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ	پھر جو اس کے علاوہ (کوئی اور طریقہ) تلاش کرے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿7﴾	تو وہی لوگ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں۔ ﴿7﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ	اور وہ جو اپنی امانتوں کا
وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿8﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ	اور اپنے عہد کا لحاظ رکھنے والے ہیں۔ ﴿8﴾ اور وہ جو
عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿9﴾	اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ﴿9﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿10﴾	وہی لوگ ہی وارث ہیں۔ ﴿10﴾
الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ	(یعنی) جو فردوس کے وارث ہونگے
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿11﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿11﴾

وقف لازم

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اَفْلَحَ : فلاح دارین، فلاحی ادارہ۔
- اَلْمُؤْمِنُوْنَ : ایمان، مؤمن، امن۔
- فِيْ : فی الفور، فی الوقت، فی الحال۔
- صَلَاتِهِمْ : صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔
- خٰشِعُوْنَ : خشوع وخضوع، خشیت الٰہی۔
- وَ : غرض وغایت، لہو ولعب۔
- اللَّغْوِ : لغو، لغویات۔
- مُعْرِضُوْنَ : اعراض کرنا، معروضات۔
- فٰعِلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول۔
- حٰفِظُوْنَ : حفاظت، محافظ، محفوظ۔
- اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
- عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- اَزْوَاجِهِمْ : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
- مَا : ماحول، ماجرا، مافوق الفطرت۔
- مَلَكَتْ : ملک، املاک وملکیت۔
- اَيْمَانُهُمْ : یمین ویسار، میمنہ ومیسرہ۔
- غَيْرُ : غیر اللہ، دیار غیر، اغیار۔
- مَلُوْمِيْنَ : ملامت۔
- وَرَآءَ : ماورائے عدالت۔
- وَ : مال ودولت، عفو ودرگزر۔
- لِاَمٰنٰتِهِمْ : امانت، امین۔
- عَهْدِهِمْ : عہد، ایفائے عہد، نقض عہد۔
- صَلَوٰتِهِمْ : صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔
- يُحَافِظُوْنَ : حفاظت، حفظ ماتقدم، محفوظ۔
- الْوٰرِثُوْنَ : وارث، وراثت، ورثا۔
- الْفِرْدَوْسَ : جنت الفردوس، فردوس بریں۔
- فِيْهَا : فی الحال، فی الفور۔
- خٰلِدُوْنَ : خالد، خلد بریں۔

وَ	لَقَدْ [1]	خَلَقْنَا [2]	الْاِنْسَانَ [3]	مِنْ سُلٰلَةٍ [4][5]
اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان کو	ایک خلاصے سے

مِّنْ طِيْنٍ [6] ج (12)	ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ [2]	نُطْفَةً [3][4][5]	فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ (13) ص
مٹی کے	پھر	ہم نے بنایا اُسے	ایک قطرہ	ایک محفوظ ٹھکانے میں

ثُمَّ	خَلَقْنَا [2]	النُّطْفَةَ [3][4]	عَلَقَةً [4]	فَخَلَقْنَا [2]	الْعَلَقَةَ [3][4]
پھر	ہم نے بنایا	قطرے (کو)	ایک جما ہوا خون	پھر ہم نے بنایا	جمے ہوئے خون (کو)

مُضْغَةً [4]	فَخَلَقْنَا [2]	الْمُضْغَةَ [4]	عِظٰمًا [3]	فَكَسَوْنَا [2]
ایک لوتھڑا	پھر ہم نے بنایا	لوتھڑے (کو)	ہڈیاں	پھر ہم نے پہنایا

الْعِظٰمَ [3]	لَحْمًا [3] ق	ثُمَّ	اَنْشَاْنٰهُ [2]	خَلْقًا	اٰخَرَ ط [5][7]
ہڈیوں کو	کچھ گوشت	پھر	ہم نے بنا دیا اُسے	ایک صورت	اور ہی

فَتَبٰرَكَ [8]	اللّٰهُ	اَحْسَنُ [9]	الْخٰلِقِيْنَ (14) ط	ثُمَّ
سو بہت برکت والا ہے	اللہ	(جو) بہت بہتر (ہے)	تمام پیدا کرنے والوں (میں)	پھر

اِنَّكُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ [10]	لَمَيِّتُوْنَ (15) ط	ثُمَّ	اِنَّكُمْ
بے شک تم	اس کے بعد	یقیناً سب مرنے والے (ہو)	پھر	بے شک تم

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ [4]	تُبْعَثُوْنَ [11] (16)	وَ	لَقَدْ [1]	خَلَقْنَا [2]
قیامت کے دن	تم سب اُٹھائے جاؤ گے	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیے

فَوْقَكُمْ	سَبْعَ [3]	طَرَآئِقَ [12] ۖ	وَمَا	كُنَّا	عَنِ الْخَلْقِ
تمہارے اوپر	سات	راستے (آسمان)	اور نہیں	ہیں ہم (بھی)	مخلوق سے

غٰفِلِيْنَ [13] (17)	وَاَنْزَلْنَا [2]	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	بِقَدَرٍ [5]
غافل	اور ہم نے نازل کیا	آسمان سے	پانی	ایک اندازے سے

فَاَسْكَنّٰهُ [2]	فِي الْاَرْضِ ۖ	وَ	اِنَّا	عَلٰى ذَهَابٍ
پھر ٹھہرایا ہم نے اسے	زمین میں	اور	بلاشبہ ہم	لے جانے پر

بِهٖ	لَقٰدِرُوْنَ [13] ج (18)	فَاَنْشَاْنَا [2]	لَكُمْ	بِهٖ
اس کے	یقیناً قدرت رکھنے والے	پھر ہم نے پیدا کیے	تمہارے لیے	اُس کے ذریعے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

[2] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[3] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[4] ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[6] مِنْ کا ترجمہ کے ضرورتاً کیا گیا ہے۔

[7] خَلْقًا اٰخَرَ سے مراد ایک اور بناوٹ ہے یعنی اس میں روح پھونکتے ہیں اور ایک خاص شکل وصورت کے ساتھ ماں کے پیٹ سے باہر آتا ہے جبکہ حرکت کرنے، دیکھنے اور سننے کی قوتیں بھی اس کے ساتھ ہوتی ہیں۔

[8] "تَ" اور کھڑی زبر جو کہ "ا" قائم مقام ہے، دونوں میں مبالغہ کا مفہوم ہے۔

[9] شروع میں علامت "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[10] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

[11] علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] آسمانوں کو راستے اس لیے کہا گیا ہے کہ فرشتوں کی آمد ورفت کے اور احکام الٰہی کے نزول اور اعمال کے اوپر جانے کے راستے ہیں۔

[13] یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ يْنَ اور وْنَ اللہ کی عظمت کے اظہار کے لیے ہیں جمع کے لیے نہیں۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انسان کو پیدا کیا
مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿12﴾	مٹی کے ایک خلاصے سے۔ ﴿12﴾
ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً	پھر ہم نے اُسے ایک قطرہ بنا کر رکھا
فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿13﴾	ایک محفوظ ٹھکانے میں۔ ﴿13﴾
ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً	پھر ہم نے (اس) قطرے کو جما ہوا خون بنایا
فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً	پھر ہم نے جمے خون کو ایک لوتھڑا بنایا
فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا	پھر ہم نے اس لوتھڑے کو ہڈیاں بنایا
فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا	پھر ہم نے اُن ہڈیوں کو کچھ گوشت پہنایا
ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ	پھر ہم نے اُسے ایک اور (نئی) صورت میں بنا دیا
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ	سو اللہ بہت برکت والا ہے
اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿14﴾	(جو) تمام پیدا کرنے والوں میں بہترین ہے۔ ﴿14﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿15﴾	پھر بیشک تم اسکے بعد ضرور مرنے والے ہو۔ ﴿15﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿16﴾	پھر بیشک تم قیامت کے دن اُٹھائے جاؤ گے۔ ﴿16﴾
وَلَقَدْ خَلَقْنَا	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے پیدا کئے
فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ	تمہارے اوپر سات راستے (آسمان)
وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿17﴾	اور ہم (اپنی) مخلوق سے غافل نہیں ہیں۔ ﴿17﴾
وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ	اور ہم نے آسمان سے ایک اندازے کیساتھ پانی نازل کیا
فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا	پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا اور بلاشبہ ہم
عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿18﴾	اُسکے لے جانے پر یقیناً قدرت رکھنے والے ہیں ﴿18﴾
فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ	پھر ہم نے تمہارے لیے اُس کے ذریعے پیدا کیے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	: کفر و شرک، صدقہ و خیرات۔
خَلَقْنَا	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
الْاِنْسَانَ	: جنّ و اِنس، انسان، انسانیت۔
مِنْ	: منجانب، من حیث القوم۔
نُطْفَةً	: نطفہ۔
قَرَارٍ	: قول و قرار، قرارداد، جائے قرار۔
مَّكِيْنٍ	: کون و مکان، مکانات، مکین۔
لَحْمًا	: ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔
اَنْشَاْنٰهُ	: نشو و نما۔
اٰخَرَ	: اخروی زندگی، اول و آخر۔
فَتَبٰرَكَ	: برکت، برکات، مبارک۔
اَحْسَنُ	: حسن، محسن، اَحسن طریقہ۔
لَمَيِّتُوْنَ	: موت و حیات، میّت، اموات۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم الجمعہ۔
تُبْعَثُوْنَ	: بعثت، مبعوث۔
فَوْقَكُمْ	: فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
سَبْعَ	: قرات سبعہ۔
طَرَآئِقَ	: طریقہ، طریقت۔
غٰفِلِيْنَ	: غافل، غفلت، تغافل۔
اَنْزَلْنَا	: نزول، انزال، منزل من اللہ۔
مِنَ	: من و عن، من حیث القوم۔
مَآءً	: ماء الحیات، ماء اللحم، ماء زمزم۔
بِقَدَرٍ	: مقدار، بقدرِ ضرورت۔
فَاَسْكَنّٰهُ	: ساکن، سکون، مسکن، سکنہ۔
فِيْ	: فی الحال، فی الحقیقت۔
الْاَرْضِ	: ارض و سماء، قطعہ اراضی۔
وَ	: صوم و صلوٰۃ، حمد و ثنا۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
لَقٰدِرُوْنَ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدار۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وقف لازم

جَنّٰتٍ [1]	مِّنْ نَّخِيْلٍ	وَّ	اَعْنَابٍ	لَكُمْ [2]	فِيْهَا
باغات	کھجوروں سے	اور	انگوروں (سے)	تمہارے لیے	ان میں

فَوَاكِهُ	كَثِيْرَةٌ [1]	وَّ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ (19) لا	وَ
پھل	بہت	اور	ان میں سے	تم سب کھاتے ہو	اور

شَجَرَةً [1][3]	تَخْرُجُ	مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ [4]	تَنْۢبُتُ	بِالدُّهْنِ
ایک درخت	نکلتا ہے	طور سینا سے	وہ اُگتا ہے	روغن (تیل) کے ساتھ

وَ	صِبْغٍ	لِّلْاٰكِلِيْنَ (20)	وَاِنَّ	لَكُمْ [2]	فِي الْاَنْعَامِ
اور	سالن (کے ساتھ)	کھانے والوں کے لیے	اور بیشک	تمہارے لیے	چوپاؤں میں

لَعِبْرَةً ط [1][5]	نُسْقِيْكُمْ	مِّمَّا [6]	فِيْ بُطُوْنِهَا	وَ	لَكُمْ [2]
یقیناً عبرت (ہے)	ہم پلاتے ہیں تمہیں	(اس) سے جو	انکے پیٹوں میں	اور	تمہارے لیے

فِيْهَا	مَنَافِعُ	كَثِيْرَةٌ [1]	وَّ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ (21) لا
ان میں	فائدے (ہیں)	بہت سے	اور	ان سے	تم سب کھاتے ہو

ع 1 22 1

وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ	تُحْمَلُوْنَ [7] (22) ع	وَ
اور	اُن پر	اور	کشتیوں پر	تم سب سوار کیے جاتے ہو	اور

لَقَدْ [5]	اَرْسَلْنَا [8]	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَقَالَ	يٰقَوْمِ [9]
بلاشبہ یقیناً	ہم نے بھیجا	نوح کو	اسکی قوم کی طرف	تو اس نے کہا	اے میری قوم

اعْبُدُوا اللّٰهَ [10]	مَا	لَكُمْ [2]	مِّنْ اِلٰهٍ [3][11]	غَيْرُهٗ ط	اَفَلَا [12]
تم سب اللہ کی عبادت کرو	نہیں	تمہارے لیے	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کیا نہیں

تَتَّقُوْنَ (23)	فَقَالَ	الْمَلَؤُا [13][14]	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ
تم سب ڈرتے ہو	تو کہنے لگے	سردار	جن	سب نے کفر کیا	اسکی قوم میں سے

مَا	هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ [3]	مِّثْلُكُمْ لا	يُرِيْدُ	اَنْ
نہیں (ہے)	یہ	مگر	ایک بشر	تمہارے جیسا	وہ چاہتا ہے	کہ

يَّتَفَضَّلَ [15]	عَلَيْكُمْ ط	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ [13]	لَاَنْزَلَ [5]	مَلٰٓئِكَةً [16] صلے
وہ برتری حاصل کرلے	تم پر	اور اگر	اللہ چاہتا	ضرور اُتار دیتا	فرشتے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔

[2] لَكُمْ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے "لَ" استعمال ہوجاتا ہے۔

[3] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[4] طُوْرِ سَيْنَآءَ طور ایک مخصوص پہاڑ کا نام ہے طور کا معنی پہاڑ بھی ہے طور اس پہاڑ کو بھی کہتے ہیں جس پر درخت اگتے ہوں تو سیناء اُس پہاڑ کا نام ہے یعنی ہم نے تمہارے لیے وہ درخت بھی پیدا کیا جو طور سیناء سے نکلتا ہے اس پہاڑ سے جس پر درخت اگتے ہیں مراد زیتون کا درخت ہے۔

[5] لَ شروع میں تاکید کی علامت ہے، جسکا ترجمہ بلاشبہ، ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[6] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[7] علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[8] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[9] يٰقَوْمِ دراصل يَا قَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔

[10] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[11] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[12] أ کے بعد وَ یا فَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے

[13] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[14] اَلْمَلَؤُا کے آخر میں وٗا علامت نہیں بلکہ و دراصل ء ہے اور ا قرآنی کتابت میں زائد ہے۔

[15] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[16] یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وقف لازم

جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۘ	باغات کھجوروں اور انگوروں سے
لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ	ان میں تمہارے لیے بہت سے (لذیذ) پھل ہیں
وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ﴿19﴾	اور تم انہی میں سے کھاتے ہو۔ ﴿19﴾
وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ	اور ایک درخت (بھی جو) طور سینا سے نکلتا (اُگتا) ہے
تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ	وہ روغن اور سالن لیے ہوئے اُگتا ہے
لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿20﴾	کھانے والوں کے لیے۔ ﴿20﴾
وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ	اور بیشک تمہارے لیے چوپاؤں میں یقیناً عبرت ہے
نُسْقِيْكُمْ	(کہ) ہم تمہیں (دودھ) پلاتے ہیں
مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا	اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے
وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ	اور تمہارے لیے ان میں بہت سے فائدے ہیں
وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۙ﴿21﴾	اور انہی میں سے تم کھاتے (بھی) ہو۔ ﴿21﴾
وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿22﴾ ع	اور انہی پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ ﴿22﴾ ع
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے نوح کو اسکی قوم کی طرف بھیجا
فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ	تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو
مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ	تمہارے لیے اسکے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں ہے
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿23﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا	تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو ﴿23﴾ تو کہا (اُن) سرداروں نے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ	جنھوں نے اس کی قوم میں سے کفر کیا
مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ	نہیں ہے یہ مگر تمہارے جیسا ایک بشر
يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ	وہ چاہتا ہے کہ وہ تم پر برتری حاصل کرلے
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ښ	اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور (کوئی) فرشتے اُتار دیتا

ع 22

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

جَنّٰتٍ	جنت، جنتی لوگ، جنتی کھانا۔
مِّنْ	منجانب، من حیث القوم۔
نَّخِيْلٍ	نخلستان۔
فِيْهَا	فی الحقیقت، فی الحال۔
كَثِيْرَةٌ	اکثر، اکثریت، کثیر تعداد۔
تَاْكُلُوْنَ	ماکولات و مشروبات، اکل۔
وَ	شان و شوکت، شام و سحر۔
شَجَرَةً	شجرہ نسب، شجر کاری مہم۔
تَخْرُجُ	خارج، اخراج، وزیر خارجہ۔
طُوْرِ سَيْنَآءَ	طور سیناء، وادی سیناء۔
تَنْۢبُتُ	نباتات، نباتی گرائپ واٹر۔
الْاَنْعَامِ	عوام کالانعام۔
لَعِبْرَةً	نشان عبرت، عبرت آموز۔
نُسْقِيْكُمْ	ساقی، ساقی کوثر، سقہ۔
بُطُوْنِهَا	بطن مادر۔
مَنَافِعُ	منافع، منفعت، نفع و نقصان۔
تَاْكُلُوْنَ	اکل و شرب۔
عَلَى	علی الاعلان، علی ہذا القیاس۔
تُحْمَلُوْنَ	حامل، محمول، حاملہ عورت۔
اَرْسَلْنَا	رسول، مرسل، رسالت۔
فَقَالَ	قول، اقوال، مقولہ۔
اعْبُدُوا	عابد، عبادت، معبود۔
اِلٰهٍ	الہ العالمین، رضائے الٰہی۔
غَيْرُهٗ	غیر اللہ، دیار غیر، غیر حاضر۔
تَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔
كَفَرُوْا	کفر، کفار، کافر، کفار مکہ۔
مِّثْلُكُمْ	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
قَوْمِهٖ	قوم، قومی ترانہ، قومی زبان۔
هٰذَآ	ہذا من فضل ربی، مسجد ہذا۔
يُرِيْدُ	ارادہ، مرید، مراد۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

مَا [1]	سَمِعْنَا	بِهٰذَا [2]	فِيْٓ اٰبَآئِنَا [3]	الْاَوَّلِيْنَ [4] ج (24)
نہیں	ہم نے سنا	اس کو	اپنے آباؤاجداد میں	پہلے

اِنْ هُوَ [5]	اِلَّا	رَجُلٌ [6]	بِهٖ [2]	جِنَّةٌ	فَتَرَبَّصُوْا [7]
نہیں وہ	مگر	ایک آدمی	اس کو	ایک جنون (ہے)	سو تم سب انتظار کرو

بِهٖ [2]	حَتّٰى حِيْنٍ [6] (25)	قَالَ	رَبِّ [8]	انْصُرْنِيْ [9]
اس کا	ایک وقت تک	کہا (نوح نے)	اے میرے رب	میری مدد فرما

بِمَا [1][2]	كَذَّبُوْنِ [10] (26)	فَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِ	اَنِ
(اس بات) پر کہ	ان سب نے مجھے جھٹلایا	تو ہم نے وحی کی	اس کی طرف	کہ

اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِاَعْيُنِنَا [2][3]	وَ	وَحْيِنَا [3]
تو بنا	کشتی	ہماری آنکھوں کے (سامنے)	اور	ہماری وحی (کے مطابق)

فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا [3]	وَ	فَارَ	التَّنُّوْرُ لا
پھر جب	آجائے	ہمارا حکم	اور	اُبل پڑے	تنور

فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ
پس تو داخل کر	اس میں	ہر ایک سے	دو قسمیں	(نر اور مادہ) دونوں

وَ	اَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ
اور	اپنے گھر والے	سوائے	جو	پہلے طے ہو چکی	اس پر

الْقَوْلُ	مِنْهُمْ ج	وَلَا	تُخَاطِبْنِيْ [9]	فِي	الَّذِيْنَ
بات	ان میں سے	اور نہ	تو بات کرنا مجھ سے	(ان کے بارے) میں	جن

ظَلَمُوْا ج	اِنَّهُمْ	مُّغْرَقُوْنَ [11] (27)	فَاِذَا	اسْتَوَيْتَ
سب نے ظلم کیا	بیشک وہ	سب غرق کیے جانے والے (ہیں)	پھر جب	تو پوری طرح بیٹھ جائے

اَنْتَ	وَمَنْ	مَّعَكَ	عَلَى الْفُلْكِ	فَقُلِ [12]	الْحَمْدُ
تو	اور جو	آپ کے ساتھ (ہیں)	کشتی پر	تو کہہ	سب تعریف

لِلّٰهِ	الَّذِيْ	نَجّٰنَا	مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [13] (28)
اللہ کے لئے (ہے)	جس نے	نجات دی ہمیں	ظالم لوگوں سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس، کبھی کیا، کس، کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ، کبھی پر، کبھی کا، کی، کے، کو، کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

3 نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

4 یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

5 اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

6 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

7 علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

8 یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے محذوف ہیں۔

9 اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

10 یہ دراصل كَذَّبُوْنِيْ تھا۔ آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گری ہوئی ہے۔

11 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 کشتی پر سوار ہوتے ہوئے اللہ کی حمد کا حکم دیا گیا ہے اور اس کے الفاظ بھی خود بتائے اس لیے کہ نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو قوم کے لوگ مختلف قسم کی اذیتیں دیتے تھے جن سے ان کو نجات ملی اور دشمن غرق ہوئے اسی پر شکر ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔

13 یہاں ظالم قوم سے مراد مشرک قوم ہے کیونکہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا	ہم نے اس (بات) کو کبھی نہیں سُنا
فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۚ (24)	اپنے پہلے آباءواجداد میں۔ (24)
اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ	نہیں ہے وہ مگر ایک آدمی جس کو ایک جنون ہے
فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ (25)	سو اسکے بارے میں ایک وقت تک انتظار کرو۔ (25)
قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ	(نوح نے) کہا اے میرے رب میری مدد فرما
بِمَا كَذَّبُوْنِ (26)	اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے۔ (26)
فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ	تو ہم نے اس کی طرف وحی کی
اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ	یہ کہ تو کشتی بنا
بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا	ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق
فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ	پھر جب ہمارا حکم آجائے اور تنور (پانی سے بھر کر) اُبل پڑے
فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ	تو اس (کشتی) میں داخل کر ہر (حیوان) میں سے
زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا	دو قسمیں (نر اور مادہ) دونوں کو اور اپنے گھر والوں کو (بھی) مگر
مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ	ان میں سے جس پر (ہلاکت کی) بات پہلے طے ہو چکی
وَلَا تُخَاطِبْنِيْ	اور مجھ سے بات نہ کرنا
فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ	ان کے بارے میں جنہوں نے ظلم کیا
اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ (27) فَاِذَا	یقیناً وہ غرق کیے جانے والے ہیں۔ (27) پھر جب
اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ	تم اور جو تمہارے ساتھ ہیں پوری طرح بیٹھ جاؤ
عَلَى الْفُلْكِ	کشتی پر
فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ	تو کہہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے
نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (28)	ہمیں ظالم قوم سے نجات دی۔ (28)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

سَمِعْنَا : سمع وبصر، محفل سماع۔
بِهٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
اٰبَآئِنَا : آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
الْاَوَّلِيْنَ : اوّل انعام، اولین فرصت۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
جِنَّةٌ : مجنون، جن، جنون۔
حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان۔
كَذَّبُوْنِ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
فَاَوْحَيْنَآ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اصْنَعِ : صنعت وتجارت، صنعتی شہر۔
بِاَعْيُنِنَا : عینی شاہد، معاینہ، عین سامنے
اَمْرُنَا : امر، آمر، مامور، امارت، امور۔
فَارَ : فوارہ۔
التَّنُّوْرُ : تنور۔
اثْنَيْنِ : ثانی، لاثانی، ثانی اثنین۔
اَهْلَكَ : اہل وعیال، اہل خانہ۔
سَبَقَ : سبقت لسانی، امم سابقہ۔
عَلَيْهِ : علی الاعلان، علی العموم۔
الْقَوْلُ : قول، اقوال، اقوال زریں۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
تُخَاطِبْنِيْ : خطاب، مخاطب، خطابات۔
فِيْ : فی سبیل اللہ، فی الحال۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مُّغْرَقُوْنَ : غرق، غرقاب، مستغرق۔
مَّعَكَ : مع اہل وعیال، معیّت۔
عَلٰى : علی الاعلان، علی ہذا القیاس۔
الْحَمْدُ : حمد وثنا، حامد، محمود، حماد، حمید۔
نَجّٰىنَا : فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
مِنَ : منجانب، من حیث القوم۔
الْقَوْمِ : قوم، قومی ترانہ، قومی زبان۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَقُلْ	رَّبِّ [1]	اَنْزِلْنِيْ [2]	مُنْزَلًا [3]	مُّبٰرَكًا	وَّاَنْتَ	
اور کہہ (یعنی دعا کر)	(اے میرے) رب	مجھے اُتار	اُتارنا	بابرکت	اور تو	
خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ [4] ۝29	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [5]	لَاٰيٰتٍ	وَّاِنْ [6]	كُنَّا [7]	
سب اُتارنے والوں سے بہتر (ہے)	بیشک	اس میں	یقیناً نشانیاں	اور بلاشبہ	ہم ہیں	
لَمُبْتَلِيْنَ [8] ۝30	ثُمَّ	اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ [9]	قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝31 ج		
یقیناً آزمانے والے	پھر	ہم نے پیدا کیے	ان کے بعد	سب دوسرے زمانے کے لوگ		
فَاَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا [10]	مِّنْهُمْ	اَنِ [11]	اعْبُدُوا اللّٰهَ	
پھر ہم نے بھیجا	ان میں	ایک رسول	ان میں سے	یہ کہ	تم سب اللہ کی عبادت کرو	
مَا [12]	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ [9][10]	غَيْرُهٗ ؕ	اَفَلَا [13]	تَتَّقُوْنَ ۝32 ع	
نہیں (ہے)	تمہارے لیے	کوئی معبود	اسکے سوا	تو کیا نہیں	تم سب ڈرتے	
وَقَالَ	الْمَلَاُ [14]	مِنْ قَوْمِهٖ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	
اور کہا	سرداروں (نے)	اس کی قوم میں سے	جن سب نے کفر کیا	اور	سب نے جھٹلایا	
بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ	وَ	اَتْرَفْنٰهُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ	مَا [12]		
آخرت کی ملاقات کو	اور	ہم نے خوشحال رکھا تھا انہیں	دنیوی زندگی میں	نہیں		
هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ [10]	مِّثْلُكُمْ ۙ	يَاْكُلُ	مِمَّا [12][15]	تَاْكُلُوْنَ
یہ	مگر	ایک انسان	تمہاری مثل	وہ کھاتا ہے	(اس) سے جو	تم سب کھاتے ہو
مِنْهُ	وَيَشْرَبُ	مِمَّا [12][15]	تَشْرَبُوْنَ ۝33 ۙ	وَ	لَئِنْ	
اس سے	اور وہ پیتا ہے	(اس) سے جو	تم سب پیتے ہو	اور	یقیناً اگر	
اَطَعْتُمْ	بَشَرًا [10]	مِّثْلَكُمْ ۙ	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ ۝34 ۙ	
تم نے کہا مانا	ایک انسان کا	اپنے جیسا	بلاشبہ تم	اس وقت	یقیناً سب خسارہ پانیوالے	
اَ	يَعِدُكُمْ	اَنَّكُمْ	اِذَا	مِتُّمْ	وَ	كُنْتُمْ
کیا	وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں	کہ بے شک تم	جب	تم مر گئے	اور	تم ہو گئے
تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ [16] ۝35 ۙ	هَيْهَاتَ [17]	هَيْهَاتَ
مٹی	اور	ہڈیاں	کہ بلاشبہ تم	سب نکالے جانے والے	دور ہے	دور ہے

ع 2 10 2

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے حذف کیا گیا ہے۔

[2] اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

[3] مُنْزَلًا کا ترجمہ اترنے کی جگہ بھی ہو سکتا ہے یعنی مجھے بابرکت اترنے کی جگہ اُتار۔

[4] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

[6] اِنْ دراصل اِنَّ تھا، تخفیف کے لیے اِنْ استعمال ہوا ہے۔

[7] كُنَّا دراصل كَوَنْنَا تھا گرامر کے اصول کے مطابق وْ کو ہٹا کر ك کو پیش دی گئی اور ن کو ن میں مدغم کیا ہے۔

[8] یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں یہ اللہ کی عظمت کے اظہار کے لیے ہے۔

[9] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔

[12] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[13] "اَ" کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[15] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[16] اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[17] یعنی وہ انسان کے دوبارہ اٹھائے جانے کو بعید از عقل خیال کرتے تھے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَقُلۡ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا	اور کہہ اے میرے رب مجھے اتار بابرکت اتارنا
وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿29﴾	اور تو سب اتارنے والوں سے بہتر ہے۔ ﴿29﴾
اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنۡ	بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں اور بلاشبہ
كُنَّا لَمُبۡتَلِيۡنَ ﴿30﴾ ثُمَّ اَنۡشَاۡنَا	یقیناً ہم آزمانے والے ہیں۔ ﴿30﴾ پھر ہم نے پیدا کیے
مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ قَرۡنًا اٰخَرِيۡنَ ۚ﴿31﴾	انکے بعد دوسرے زمانے کے لوگ۔ ﴿31﴾
فَاَرۡسَلۡنَا فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ	پھر ہم نے ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا
اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ مَا لَـكُمۡ	یہ کہ تم اللہ کی عبادت کرو نہیں ہے تمہارے لئے
مِّنۡ اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿32﴾ ع	اس کے سوا کوئی معبود تو کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔ ﴿32﴾ ع
وَقَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِهِ الَّذِيۡنَ	اور اسکی قوم میں سے سرداروں نے کہا جنہوں نے
كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ	کفر کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا
وَاَتۡرَفۡنٰهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۙ	اور ہم نے انہیں دنیوی زندگی میں خوشحال رکھا تھا
مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۙ	یہ نہیں ہے مگر تمہارے جیسا ایک انسان
يَاۡكُلُ مِمَّا تَاۡكُلُوۡنَ مِنۡهُ	وہ اس میں سے کھاتا ہے جس میں سے تم کھاتے ہو
وَيَشۡرَبُ مِمَّا تَشۡرَبُوۡنَ ۖ﴿33﴾	اور وہ اس میں سے پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ ﴿33﴾
وَلَـئِنۡ اَطَعۡتُمۡ بَشَرًا مِّثۡلَـكُمۡ ۙ	اور یقیناً اگر تم نے اپنے جیسے ایک انسان کا کہا مان لیا
اِنَّكُمۡ اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ۙ﴿34﴾	(تو) بلاشبہ تم اس وقت یقیناً خسارہ پانیوالے (ہوگے) ﴿34﴾
اَيَعِدُكُمۡ اَنَّكُمۡ اِذَا مِتُّمۡ	کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ بیشک تم جب مر گئے
وَكُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّعِظَامًا	اور تم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے
اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ۖ﴿35﴾	کہ بلاشبہ تم (زمین سے) نکالے جانے والے ہو۔ ﴿35﴾
هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ	(عقل سے بہت) دور ہے (بہت ہی) دور ہے

ع 2/10/2

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اَنۡزِلۡنِیۡ : نازل، انزال، منزل من اللہ۔
- مُّبٰرَكًا : برکت، برکات، تبرک، مبارک۔
- خَيۡرُ : خیریت، خیر خواہی، صبح بخیر۔
- فِىۡ : فی الحال، فی سبیل اللہ۔
- لَاٰيٰتٍ : آیت، آیات قرآنی۔
- لَمُبۡتَلِيۡنَ : بلاء، ابتلاو آزمائش، مبتلا۔
- اَنۡشَاۡنَا : نشوونما۔
- قَرۡنًا : قرون اولی، قرنوں سے۔
- اٰخَرِيۡنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
- فَاَرۡسَلۡنَا : رسول، مرسل، رسالت۔
- اعۡبُدُوا : عابد، عبادت، معبود۔
- اَفَلَا : لاجواب، لاتعداد، لاعلاج۔
- تَتَّقُوۡنَ : تقویٰ، متقی۔
- قَالَ : قول، اقوال، مقولہ۔
- كَفَرُوۡا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- كَذَّبُوۡا : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
- بِلِقَآءِ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
- الۡحَيٰوةِ : موت وحیات، حیاتی ومماتی۔
- هٰذَاۤ : لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
- اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
- بَشَرٌ : بشر، بشری تقاضا، نور و بشر۔
- مِّثۡلُكُمۡ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
- يَاۡكُلُ : اکل و شرب۔
- يَشۡرَبُ : شربت، مشروبات۔
- اَطَعۡتُمۡ : اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
- لَّخٰسِرُوۡنَ : خسارہ، خائب و خاسر۔
- يَعِدُكُمۡ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
- مِتُّمۡ : موت وحیات، میت۔
- تُرَابًا : تربت، ابوتراب۔
- مُّخۡرَجُوۡنَ : خارج، خروج، اخراج۔

لِمَا [1][2]	تُوْعَدُوْنَ [3] ۙ (36)	اِنْ [4]	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا
جس کا	تم سب وعدہ دیے جاتے ہو	نہیں	وہ	مگر	ہماری زندگی

الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَ	نَحْيَا	وَمَا [2]	نَحْنُ
دنیوی	ہم مرتے ہیں	اور	ہم جیتے ہیں	اور نہیں	ہم

بِمَبْعُوْثِيْنَ [5][6] ۙ (37)	اِنْ هُوَ [4]	اِلَّا	رَجُلُ ۨ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
ہرگز سب اُٹھائے جانے والے	نہیں وہ	مگر	ایک آدمی	گھڑ لیا ہے	اللہ پر

كَذِبًا	وَّمَا [2]	نَحْنُ	لَهٗ	بِمُؤْمِنِيْنَ [5] (38)
جھوٹ	اور نہیں	ہم	اس پر	ہرگز سب ایمان لانے والے

قَالَ	رَبِّ [7]	انْصُرْنِيْ [8]	بِمَا [2][9]	كَذَّبُوْنِ [8][10] (39)
اس نے کہا	(اے میرے) رب	میری مدد فرما	(اس بات) پر جو	ان سب نے جھٹلایا مجھے

قَالَ	عَمَّا [11]	قَلِيْلٍ	لَّيُصْبِحُنَّ [12]	نٰدِمِيْنَ ۚ (40)
فرمایا	(مدت) میں	بہت تھوڑی	ضرور بالضرور وہ ہو جائیں گے	سب پچھتانے والے

فَاَخَذَتْهُمُ [13]	الصَّيْحَةُ [13]	بِالْحَقِّ [14][9]	فَجَعَلْنٰهُمْ	غُثَآءً ۚ
تو آ پکڑا انہیں	چیخ	حق کے ساتھ	تو ہم نے کر ڈالا اُنہیں	کوڑا

فَبُعْدًا	لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ [1] (41)	ثُمَّ اَنْشَاْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ [14][15]
پس دوری (ہے)	ظالم لوگوں کے لیے	پھر ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد

قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ؕ (42)	مَا [2]	تَسْبِقُ [13]	مِنْ اُمَّةٍ [13][15]	اَجَلَهَا
سب دوسری اُمتیں	نہیں	آگے نکل سکتی	کوئی اُمت	اپنے وقت سے

وَمَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ ؕ (43)	ثُمَّ	اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا
اور نہ	وہ سب پیچھے رہ سکتے ہیں	پھر	ہم نے بھیجے	اپنے رسول

تَتْرَا ؕ	كُلَّمَا	جَآءَ	اُمَّةً [13]	رَّسُوْلُهَا
پے در پے	جب کبھی	آیا	کسی اُمت (پر)	اُس کا رسول

كَذَّبُوْهُ	فَاَتْبَعْنَا [16]	بَعْضَهُمْ	بَعْضًا
ان سب نے جھٹلایا اُسے	تو ہم نے پیچھے چلتا کیا	اس کے بعض (کو)	بعض (کے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

[2] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[3] علامت تَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

[4] اِنْ کا اصل ترجمہ اگر ہوتا ہے اور اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[5] بِ سے پہلے اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[6] یعنی کون سی آخرت کہاں کا حساب وکتاب جو کچھ مرنا جینا ہے بس اسی دنیا کا ہے ہم بالکل دوبارہ نہیں اُٹھائے جائیں گے۔

[7] یہ دراصل یَارَبِّیْ تھا، شروع سے یَا اور آخر سے یْ کو تخفیف کے لیے حذف کیا گیا ہے

[8] اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

[9] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[10] یہ دراصل كَذَّبُوْنِيْ تھا، آخر سے یْ وقف کی وجہ سے گری ہوئی ہے۔

[11] عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے یہاں عَنْ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے اور مَا زائدہ ہے، اس میں تاکید کا مفہوم ہے۔

[12] لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] تْ، ةَ اور تَ مؤنث کی علامتیں ہیں۔

[14] حق کے ساتھ یعنی سچے وعدے اور عدل کے تقاضے کے مطابق۔

[15] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[16] یعنی ہم ایک قوم کو دوسری قوم کے بعد ہلاک کرتے گئے۔

لِمَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿36﴾ اِنۡ هِيَ اِلَّا	جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو۔ ﴿36﴾ نہیں ہے وہ مگر
حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا	ہماری دنیوی زندگی (یہیں) ہم مرتے اور جیتے ہیں
وَمَا نَحۡنُ بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿37﴾	اور ہم ہرگز (دوبارہ) اُٹھائے جانے والے نہیں ہیں ﴿37﴾
اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ	نہیں ہے وہ مگر ایک (ایسا) آدمی
وَلۡيَضۡرِبۡنَ بِخُمُرِهِنَّ	اور چاہیے کہ وہ اپنی اوڑھنیوں کو ڈالے رکھیں
عَلٰى جُيُوۡبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبۡدِيۡنَ	اپنے گریبانوں پر، اور وہ ظاہر نہ کریں
زِيۡنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوۡلَتِهِنَّ	اپنی زینت (بناؤ سنگھار) کو مگر اپنے خاوندوں کے لیے
اَوۡ اٰبَآئِهِنَّ اَوۡ اٰبَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ	یا اپنے باپوں (کیلیے) یا اپنے خاوندوں کے باپوں (کیلیے)
اَوۡ اَبۡنَآئِهِنَّ اَوۡ اَبۡنَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ	یا اپنے بیٹوں (کیلیے) یا اپنے شوہروں کے (دیگر) بیٹوں (کیلیے)
اَوۡ اِخۡوَانِهِنَّ	یا اپنے بھائیوں (کے لیے)
اَوۡ بَنِىۡۤ اِخۡوَانِهِنَّ	یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں (بھتیجوں کے لیے)
اَوۡ بَنِىۡۤ اَخَوٰتِهِنَّ	یا اپنے بہنوں کے بیٹوں (بھانجوں کے لیے)
اَوۡ نِسَآئِهِنَّ	یا اپنی عورتوں (کے لیے)
اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُنَّ	یا (انکے لیے) جن کے مالک ان کے دائیں ہاتھ بنے
اَوِ التّٰبِعِيۡنَ	یا تابع رہنے والے (یعنی خدمت گار بوڑھے)
غَيۡرِ اُولِى الۡاِرۡبَةِ مِنَ الرِّجَالِ	مردوں میں سے (جو) شہوت والے نہیں
اَوِ الطِّفۡلِ الَّذِيۡنَ	یا ان بچوں (کے لیے) جو
لَمۡ يَظۡهَرُوۡا عَلٰى عَوۡرٰتِ النِّسَآءِ ۖ	عورتوں کی چھپی باتوں پر واقف نہیں ہوئے
وَلَا يَضۡرِبۡنَ بِاَرۡجُلِهِنَّ	اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر) نہ مارا کریں (کہ زیور کی آواز آئے)
لِيُعۡلَمَ مَا يُخۡفِيۡنَ مِنۡ زِيۡنَتِهِنَّ ؕ	تاکہ جانا جائے جو وہ اپنی زینت (زیور) سے چھپاتی ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
اَبۡصَارِهِنَّ	: بصر، بصارت، بصیرت۔
يَحۡفَظۡنَ	: حفاظت، محافظ، تحفظ۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
زِيۡنَتَهُنَّ	: زینت، تزئین و آرائش۔
اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔
ظَهَرَ، يَظۡهَرُوۡا	: ظاہر، مظاہر، مظہر، ظہور۔
عَلٰى	: علی الاعلان، علی العموم۔
اٰبَآئِهِنَّ	: آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
اَبۡنَآئِهِنَّ	: ابنائے جامعہ، ابن الوقت۔
اِخۡوَانِهِنَّ	: مواخات، اخوان المسلمین۔
اَخَوٰتِهِنَّ	: اخوت، اخوان المسلمین۔
نِسَآئِهِنَّ	: تربیت نسواں، نسوانیت۔
مَا	: ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مَلَكَتۡ	: ملک، املاک، مملوک، ملکیت۔
اَيۡمَانُهُنَّ	: یمین و یسار، میمنہ ومیسرہ۔
التّٰبِعِيۡنَ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔
غَيۡرِ	: دیار غیر، غیر اللہ، اغیار۔
اُولِى	: اولوالعزم، اولوالعلم۔
مِنَ	: من وعن، من حیث القوم۔
الرِّجَالِ	: رجال کار، قحط الرجال۔
الطِّفۡلِ	: طفل مکتب، طفل تسلیاں۔
عَلٰى	: علی الاعلان، علی العموم۔
عَوۡرٰتِ	: عورت، عورتیں۔
النِّسَآءِ	: تربیت نسواں، نسوانیت۔
يَضۡرِبۡنَ	: ضرب کاری، ضرب کلیم۔
لِيُعۡلَمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
مَا	: ماحول، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يُخۡفِيۡنَ	: مخفی، خفیہ، اخفا۔
زِيۡنَتِهِنَّ	: زیب وزینت، مزین۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَ	تُوبُوٓا	اِلَى اللّٰهِ	جَمِيعًا	اَيُّهَ [1]	الْمُؤْمِنُونَ
اور	تم سب توبہ کرو	اللہ کی طرف	سب	اے	سب ایمان والو
لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُونَ (31)	وَاَنْكِحُوا		الْاَيَامٰى [2]	مِنْكُمْ
تاکہ تم	تم سب کامیاب ہو جاؤ	اور تم سب نکاح کر دیا کرو		بے نکاحوں (کا)	اپنے میں سے
وَ	الصّٰلِحِينَ	مِنْ عِبَادِكُمْ [3]	وَ	اِمَآئِكُمْ [3] ط	اِنْ
اور	نیکوں (کا)	تمہارے غلاموں میں سے	اور	تمہاری لونڈیوں (میں سے)	اگر
يَّكُونُوا	فُقَرَآءَ	يُغْنِهِمُ [4]	اللّٰهُ [5]	مِنْ فَضْلِهٖ ط	وَاللّٰهُ
وہ سب ہوں گے	محتاج	وہ غنی کر دے گا اُنہیں	اللہ	اپنے فضل سے	اور اللہ
وَاسِعٌ	عَلِيمٌ (32)	وَ	لْيَسْتَعْفِفِ [6][7]		الَّذِينَ
خوب وسعت والا	خوب جاننے والا	اور	چاہیے کہ دامن بچائے رکھیں		(وہ لوگ) جو
لَا يَجِدُونَ	نِكَاحًا	حَتّٰى	يُغْنِيَهُمُ [4][7]	اللّٰهُ [5]	مِنْ فَضْلِهٖ ط
نہیں وہ سب پاتے	نکاح	یہاں تک کہ	غنی کر دے انہیں	اللہ	اپنے فضل سے
وَ	الَّذِينَ	يَبْتَغُونَ	الْكِتٰبَ	مِمَّا [8]	مَلَكَتْ [9]
اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب چاہتے ہیں	مکاتبت (آزادی کی تحریر)	(ان) میں سے جو	مالک ہوئے
اَيْمَانُكُمْ [3]	فَكَاتِبُوهُمْ [4][10][11]		اِنْ	عَلِمْتُمْ	فِيهِمْ
تمہارے دائیں ہاتھ	تو تم سب لکھ کر دے دو انہیں		اگر	تم معلوم کرو	ان میں
خَيْرًا [11] صلے	وَّ	اٰتُوهُمْ [4][10]		مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ	الَّذِيٓ
کچھ بھلائی	اور	تم سب دو اُنہیں		اللہ کے مال میں سے	جو
اٰتٰكُمْ [3] ط	وَلَا	تُكْرِهُوا [12]	فَتَيٰتِكُمْ [3]		عَلَى الْبِغَآءِ
اس نے دیا تمہیں	اور نہ	تم سب مجبور کرو	اپنی لونڈیوں کو		بدکاری پر
اِنْ	اَرَدْنَ [13]	تَحَصُّنًا [14][15]	لِّتَبْتَغُوا		عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ط
اگر	وہ چاہیں	پاکدامن رہنا	تاکہ تم سب تلاش کرو		دنیوی زندگی کا سامان
وَ	مَنْ	يُّكْرِهْهُّنَّ [13]	فَاِنَّ اللّٰهَ		مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ [13]
اور	جو	وہ مجبور کرے گا اُنہیں	تو بیشک اللہ		ان کے مجبور کیے جانے کے بعد

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] یہاں قرآنی کتابت میں اَیُّھَا کی بجائے اَیُّهَ اسی طرح استعمال ہوا ہے۔

[2] اَلْاَیَامٰی یہ اَیِّمٌ کی جمع ہے، جو مذکر و مؤنث دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے معنی رنڈوا یا بیوہ ہے۔

[3] کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا، یا اپنا اور فعل کے آخر میں ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔

[4] ھُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[6] وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[7] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[8] مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

[9] تْ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

[10] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

[11] یعنی اگر کوئی غلام اپنے آقا سے کہے میں اتنا مال کما کر تمہیں دوں گا تو میں آزاد ہو جاؤں گا تو آقا اسے منظور کر لے اور یہاں خَیْرًا سے مراد اگر تمہیں انکی صداقت و امانت پر یقین ہو۔

[12] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[13] ـنَ اور ھُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں

[14] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[15] اس سے یہ ہرگز مراد نہیں ہے کہ اگر وہ بدکاری پر آمادہ ہوں تو یہ کام جائز ہو جائے گا بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر مالک زبردستی حرامکاری کرائے گا تو مالک ذمہ دار ہوگا اور اگر وہ خود حرامکاری کریں تو وہ خود ذمہ دار ہوں گی۔

وَ تُوۡبُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ جَمِيۡعًا	اور تم سب اللہ کی طرف توبہ کرو
اَيُّهَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿31﴾	اے ایمان والو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ ﴿31﴾
وَاَنۡكِحُوا الۡاَيَامٰى مِنۡكُمۡ	اور اپنے میں سے بے نکاح (مردوں اور عورتوں کا) نکاح کر دو
وَالصّٰلِحِيۡنَ مِنۡ عِبَادِكُمۡ	اور (انکا جو) تمہارے غلاموں میں سے نیک چلن ہیں
وَاِمَآئِكُمۡ ؕ اِنۡ يَّكُوۡنُوۡا فُقَرَآءَ	اور تمہاری لونڈیوں (میں سے) اگر وہ محتاج ہوں گے (تو)
يُغۡنِهِمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ﴿32﴾	اور اللہ وسعت والا خوب جاننے والا ہے۔ ﴿32﴾
وَلۡيَسۡتَعۡفِفِ الَّذِيۡنَ	اور چاہیے کہ وہ لوگ (زنا سے) دامن بچائے رکھیں جو
لَا يَجِدُوۡنَ نِكَاحًا	نکاح (کی طاقت) نہیں پاتے
حَتّٰى يُغۡنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ	یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے
وَالَّذِيۡنَ يَبۡتَغُوۡنَ الۡكِتٰبَ	اور وہ لوگ جو مکاتبت (آزادی کی تحریر) چاہتے ہیں
مِمَّا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُكُمۡ	ان میں سے جنکے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہوئے
فَكَاتِبُوۡهُمۡ اِنۡ عَلِمۡتُمۡ فِيۡهِمۡ	تو انہیں لکھ کر دے دو اگر تم ان میں معلوم کرو
خَيۡرًا ۖ وَّاٰتُوۡهُمۡ مِّنۡ مَّالِ اللّٰهِ	کچھ بھلائی، اور انہیں اللہ کے مال میں سے دو
الَّذِىۡۤ اٰتٰٮكُمۡ ؕ	جو اس نے تمہیں دیا ہے
وَلَا تُكۡرِهُوۡا فَتَيٰتِكُمۡ عَلَى الۡبِغَآءِ	اور تم اپنی لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو
اِنۡ اَرَدۡنَ تَحَصُّنًا	اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں
لِّتَبۡتَغُوۡا عَرَضَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ؕ	تاکہ تم دنیوی زندگی کا سامان تلاش کرو
وَمَنۡ يُّكۡرِهْهُّنَّ	اور جو انہیں مجبور کرے گا
فَاِنَّ اللّٰهَ مِنۡۢ بَعۡدِ اِكۡرَاهِهِنَّ	تو بے شک اللہ انکے مجبور کیے جانے کے بعد

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ : حسین و جمیل، مشفق و مربی۔
- تُوۡبُوۡۤا : توبہ، تائب، توبۃ النصوح۔
- اِلَى : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- جَمِيۡعًا : جمع، جمیع، اجتماع، مجمع عام۔
- الۡمُؤۡمِنُوۡنَ : ایمان، مومن، امن۔
- تُفۡلِحُوۡنَ : فلاح دارین، فلاحی ادارہ۔
- اَنۡكِحُوا : نکاح، منکوحہ۔
- الصّٰلِحِيۡنَ : صالح، اعمال صالحہ۔
- مِنۡ : من حیث القوم، من و عن۔
- فُقَرَآءَ : فقر و فاقہ، فقیر، فقرا و مساکین۔
- يُغۡنِهِمُ : غنی، مستغنی، استغناء۔
- فَضۡلِهٖ : اللہ کا فضل، فضیلت۔
- وَاسِعٌ : وسیع و عریض، وسعت، توسیع۔
- لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
- يَجِدُوۡنَ : وجود، موجود، وجد۔
- نِكَاحًا : نکاح، منکوحہ۔
- حَتّٰى : حتیٰ کہ، حتی الامکان۔
- يُغۡنِيَهُمُ : غنی، مستغنی، استغناء، غنا۔
- فَضۡلِهٖ : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
- مَلَكَتۡ : ملک، ملکیت، مالک۔
- فَكَاتِبُوۡهُمۡ : کتاب، کتب، کاتب، مکاتبت۔
- عَلِمۡتُمۡ : علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
- فِيۡهِمۡ : فی الحال، فی الحقیقت۔
- خَيۡرًا : خیر، خیر خواہی، صبح بخیر۔
- مَّالِ : مال و دولت، مال و جان۔
- تُكۡرِهُوۡا : کراہت، مکروہ، جبر و اکراہ۔
- عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
- اَرَدۡنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
- الۡحَيٰوةِ : احیائے سنت، حیات جاوداں۔
- بَعۡدِ : بعد از نماز، بعد از طعام۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ (33)	وَ	لَقَدْ	اَنْزَلْنَآ [1]
بہت بخشنے والا	نہایت رحم والا	اور	بلاشبہ یقیناً	ہم نے نازل کیں
اِلَيْكُمْ	اٰيٰتٍ [2]	مُّبَيِّنٰتٍ [2]	وَّ	مَثَلًا [3]
تمہاری طرف	آیات	واضح	اور	مثال (یعنی حال)
مِّنَ الَّذِيْنَ [4]	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ	مَوْعِظَةً [2]
(ان) کا جو	سب گزر چکے	تم سے پہلے	اور	ایک نصیحت
لِّلْمُتَّقِيْنَ [5] ع (34)	اَللّٰهُ	نُوْرُ	السَّمٰوٰتِ [2]	وَ
سب متقین کے لیے	اللہ	نور	آسمانوں (کا)	اور
الْاَرْضِ ط [6]	مَثَلُ	نُوْرِهٖ [7]	كَمِشْكٰوةٍ [2][8]	فِيْهَا
زمین (کا)	مثال	اس کے نور (کی)	ایک طاق کی مانند (ہے)	اس میں
مِصْبَاحٌ ط [8]	اَلْمِصْبَاحُ	فِيْ زُجَاجَةٍ ط [2][8]	اَلزُّجَاجَةُ	
ایک چراغ (ہے)	(وہ) چراغ	ایک شیشے میں (ہے)	(اور) شیشہ	
كَاَنَّهَا	كَوْكَبٌ [8]	دُرِّيٌّ	يُّوْقَدُ [9]	مِنْ شَجَرَةٍ [2][8]
گویا کہ وہ	ایک ستارہ (ہے)	چمکتا ہوا	وہ جلایا جاتا ہے	ایک درخت سے

مُّبٰرَكَةٍ [2]	زَيْتُوْنَةٍ [2]	لَّا	شَرْقِيَّةٍ [2]	وَّلَا	غَرْبِيَّةٍ لا [2][10]
بابرکت	زیتون (کے)	نہ	مشرقی (ہے)	اور نہ	مغربی (ہے)
يَّكَادُ [11]	زَيْتُهَا [12]	يُضِيْٓءُ	وَ	لَوْ لَمْ	تَمْسَسْهُ [13]
قریب ہے کہ	اس کا تیل	وہ روشن ہو جائے	جبکہ	اگرچہ نہ	چھوئے اسے
نَارٌ ط	نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ط [14]	يَهْدِى	اللّٰهُ [15]	لِنُوْرِهٖ [5][6]	
آگ	نور پر نور	وہ رہنمائی کرتا ہے	اللہ	اپنے نور کی	
مَنْ	يَّشَآءُ ط	وَ	يَضْرِبُ	اللّٰهُ [15]	الْاَمْثَالَ [15]
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	وہ بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں
لِلنَّاسِ ط [5]	وَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ (35) لا	
لوگوں کے لیے	اور	اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)	

ع 4 8 10

[1] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[2] ةٌ اور اتٌ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] یہاں مَثَلًا سے مراد پہلے لوگوں کے حالات ان کی خبریں اور حکایتیں ہیں۔

[4] یہاں مِنْ کا ترجمہ کا ضرورتاً کیا گیا ہے۔

[5] اسم کے شروع میں "لِ" کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

[6] یعنی اللہ ہی نور ہدایت بخشنے والا ہے آسمان والوں زمین والوں اور دوسری تمام مخلوقات کو۔

[7] ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اس کی، اس کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[8] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[9] یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[10] یہاں مشرقی اور مغربی جانب سے یہ مراد ہے کہ وہ ایسا درخت ہے جو ایسی کھلی جگہ میں ہے کہ اس پر دھوپ صرف سورج کے چڑھنے اور غروب کے وقت ہی نہیں پڑتی بلکہ سارا دن اُس پر دھوپ رہتی ہے۔

[11] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[12] هَا اسم کے آخر میں مؤنث کی علامت ہے تو ترجمہ اس کا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

[13] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔ "تَ" مؤنث کی علامت ہے جسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[14] یہ مثال اللہ نے مومن کے دل کی بیان کی ہے جس میں ایمان، ہدایت اور علم کا نور ہوتا ہے

[15] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل اور وہ اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿33﴾	بہت بخشنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ﴿33﴾
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے تمھاری طرف نازل کیں
اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا	واضح آیات اور کچھ حال
مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ	ان لوگوں کا جو تم سے پہلے گزر چکے
ع 4/8/10 وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿34﴾ ع	اور متقین کے لیے ایک نصیحت (نازل کی)۔ ﴿34﴾ ع
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے
مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ	اس کے نور کی مثال ایک طاق کی مانند ہے
فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ	اس (طاق) میں ایک چراغ ہے
اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ	(وہ) چراغ ایک شیشے (یعنی فانوس) میں ہے
اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ	(وہ) شیشہ (فانوس ایسا صاف شفاف ہے) گویا کہ وہ ستارہ ہے
دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ	چمکتا ہوا وہ (چراغ) جلایا جاتا ہے۔
مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ	زیتون کے ایک مبارک درخت سے
لَّا شَرْقِيَّةٍ	(جو) نہ مشرق کی طرف ہے
وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ	اور نہ مغرب کی طرف (صبح سے شام تک اس پر دھوپ رہتی ہے)
يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ	قریب ہے کہ اس کا تیل (خود بخود) روشن ہو جائے
وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ	جبکہ اگرچہ اسے آگ نہ (بھی) چھوئے
نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِی اللّٰهُ	نور پر نور ہے، اللہ رہنمائی کرتا ہے
لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اپنے نور کی طرف جسے وہ چاہتا ہے
وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ	اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿35﴾ ۙ	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿35﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، مرحوم۔
وَ	: صوم وصلوٰۃ، حج وعمرہ۔
اَنْزَلْنَآ	: نازل، انزال، منزل من اللہ۔
اِلَيْكُمْ	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
اٰيٰتٍ	: آیت مبارکہ، آیات قرآنی۔
مُّبَيِّنٰتٍ	: بیان، دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔
قَبْلِكُمْ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
مَوْعِظَةً	: واعظ، وعظ ونصیحت، وعظ۔
لِّلْمُتَّقِيْنَ	: تقویٰ، متقی۔
نُوْرُ	: نور، منور، نورانی چہرہ، نورانیت
السَّمٰوٰتِ	: کتب سماویہ، ارض وسما۔
كَمِشْكٰوةٍ	: کما حقہ، کالعدم۔
مِصْبَاحٌ	: صبح (روشنی)، صبیح صورت۔
فِيْ	: فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔
كَوْكَبٌ	: کوکب، کواکب۔
مِنْ	: من وعن، من حیث القوم۔
شَجَرَةٍ	: شجرہ نسب، عکس شجرہ۔
مُّبٰرَكَةٍ	: برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
زَيْتُوْنَةٍ	: زیتون، روغن زیتون۔
لَّا	: لاجواب، لاتعداد، لاعلاج۔
غَرْبِيَّةٍ	: مغرب، شرق وغرب، غروب
يُضِيْٓءُ	: ضیائے حدیث، ضیاءِ علم۔
تَمْسَسْهُ	: مس، مساس۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم
يَهْدِیْ	: ہادی برحق، ہادی کائنات۔
يَّشَآءُ	: ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
يَضْرِبُ	: ضرب الامثال۔
الْاَمْثَالَ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
عَلِيْمٌ	: علم، عالم، تعلیم، معلومات۔

فِيْ بُيُوْتٍ [1]	اَذِنَ	اللّٰهُ	اَنْ	تُرْفَعَ [2][3][4]	وَ	يُذْكَرَ [2]
گھروں میں	ارشاد فرمایا	اللہ نے	یہ کہ	وہ بلند کیے جائیں	اور	ذکر کیا جائے
فِيْهَا	اسْمُهٗ	يُسَبِّحُ	لَهٗ	فِيْهَا	بِالْغُدُوِّ	وَ
ان میں	اس کا نام	وہ تسبیح بیان کرتا ہے	اسی کی	ان میں	صبح کو	اور
الْاٰصَالِ (36)	رِجَالٌ	لَّا	تُلْهِيْهِمْ [3]	تِجَارَةٌ [5]	وَّ	
شام (کو)	مرد	نہیں	غافل کرتی انہیں	کوئی تجارت	اور	
لَا	بَيْعٌ	عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	وَ	اِقَامِ الصَّلٰوةِ		
نہ	خرید وفروخت	اللہ کے ذکر سے	اور	نماز قائم کرنے (سے)		
وَ	اِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ	يَخَافُوْنَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ [3][6]		
اور	زکوٰۃ ادا کرنے (سے)	وہ سب ڈرتے ہیں	(جس) دن	اُلٹ پلٹ ہوجائینگے		
فِيْهِ	الْقُلُوْبُ	وَ	الْاَبْصَارُ [7] (37)	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	
اس میں	دل	اور	آنکھیں	تاکہ وہ بدلہ دے اُنہیں	اللہ	
اَحْسَنَ [8]	مَا	عَمِلُوْا	وَ	يَزِيْدَهُمْ	مِّنْ فَضْلِهٖ	
زیادہ اچھا	جو	ان سب نے عمل کیے	اور	وہ زیادہ دے اُنہیں	اپنے فضل سے	
وَاللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ (38)	وَالَّذِيْنَ	
اور اللہ	وہ رزق دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	بغیر حساب	اور جن	
كَفَرُوْٓا	اَعْمَالُهُمْ	كَسَرَابٍ [5][9]	بِقِيْعَةٍ [5][10]	يَّحْسَبُهُ		
سب نے کفر کیا	ان کے اعمال	ایک سراب کی طرح	کسی چٹیل میدان میں	وہ گمان کرتا ہے اسے		
الظَّمْاٰنُ	مَآءً	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَهٗ [11]	لَمْ	
بہت پیاسا	پانی	یہاں تک کہ	جب	وہ آتا ہے اسکے پاس	نہیں	
يَجِدْهُ	شَيْـًٔا [5]	وَّ	وَجَدَ [11]	اللّٰهَ [12]	عِنْدَهٗ	
وہ پاتا اسے	کوئی چیز	اور	وہ پاتا ہے	اللہ کو	اپنے پاس	
فَوَفّٰىهُ [11]	حِسَابَهٗ	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ (39)		
تو وہ پورا چکا دیتا ہے اسے	اس کا حساب	اور اللہ	بہت تیز کرنے والا	حساب		

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] یہاں بُیُوْتٍ سے مراد مسجدیں ہیں پہلے مومن کے دل میں علم وہدایت کی روشنی کو چراغ اور فانوس سے تشبیہ دی گئی اب اس فانوس کا محل بیان ہوا ہے۔

[2] اگر تَ یا یَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[4] یہاں بلند کیے جانے سے مراد مسجدوں کی عمارت کی بلندی نہیں ہے بلکہ اس سے مراد مسجدوں کو پاک صاف رکھا جائے اور ان میں بے ہودہ اور لغو باتیں نہ کی جائیں اور نازیبا حرکتیں وغیرہ نہ کی جائیں۔

[5] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

[6] علامت "تَ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[7] یعنی دل خوف اور گھبراہٹ کی وجہ سے الٹ جائیں گے اور آنکھیں اوپر کو چڑھ جائیں گی۔

[8] اسم کے شروع میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[9] "کَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

[10] یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے جبکہ یہ قاعٍ کی جمع ہے۔

[11] یہ فعل ماضی ہے ضرورتاً ترجمہ حال میں کیا گیا ہے۔

[12] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

فِيْ بُيُوْتٍ	(وہ چراغ اور فانوس) ان گھروں میں ہیں
اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ	(جنکے بارے میں) اللہ نے ارشاد فرمایا کہ وہ بلند کیے جائیں
وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ	اور ان میں اسکا نام ذکر کیا جائے، اسکی تسبیح بیان کرتے ہیں
فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿36﴾	ان میں صبح وشام۔ ﴿36﴾
رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ	وہ مرد (کہ) انہیں کوئی تجارت غافل نہیں کرتی
وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ	اور نہ کوئی خرید وفروخت اللہ کے ذکر سے
وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ	اور نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے
يَخَافُوْنَ يَوْمًا	(اور) وہ اس دن سے ڈرتے ہیں (کہ)
تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿37﴾	جس میں دل اور آنکھیں اُلٹ جائیں گی۔ ﴿37﴾
لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ	(وہ یہ سب کام کرتے ہیں) تاکہ انہیں اللہ بہترین بدلہ دے
مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ	(اس کا) جو انہوں نے عمل کیے اور انہیں زیادہ دے
مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ	اپنے فضل سے، اور اللہ
يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿38﴾	جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے۔ ﴿38﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ان کے اعمال
كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ	کسی چٹیل میدان میں ایک سراب کی طرح ہیں
يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى	بہت پیاسا آدمی اسے پانی گمان کرتا ہے یہاں تک کہ
اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا	جب وہ اسکے پاس آتا ہے (تو) اسے کچھ بھی نہیں پاتا
وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ	اور وہ اللہ ہی کو اپنے پاس پاتا ہے
فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ	تو وہ اسے اس کا حساب پورا چکا دیتا ہے
وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿39﴾	اور اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ ﴿39﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بُيُوْتٍ : بیت اللہ، بیت المقدس۔
اَذِنَ : باذن اللہ، اذن الٰہی۔
تُرْفَعَ : رفعت، سطح مرتفع۔
يُذْكَرَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اسْمُهٗ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
يُسَبِّحُ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
رِجَالٌ : رجال کار، قحط الرجال۔
بَيْعٌ : بیع وشرا، بائع۔
اِقَامِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
يَخَافُوْنَ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
يَوْمًا : یوم، ایام، یوم آخرت۔
تَتَقَلَّبُ : انقلاب، انقلابی اقدام۔
الْقُلُوْبُ : قلبی تعلق، امراض قلب۔
الْاَبْصَارُ : بصر، بصارت، بصیرت۔
لِيَجْزِيَهُمْ : جزا وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
اَحْسَنَ : حسن، محسن، تحسین، احسن۔
عَمِلُوْا : عمل، عامل، تعمیل، معمولات۔
يَزِيْدَهُمْ : زیادہ، مزید، زائد۔
فَضْلِهٖ : فضل، فضیلت، فاضل، افضل
يَّشَآءُ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ۔
كَفَرُوْٓا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
كَسَرَابٍ : سراب۔
مَآءً : ماء الحیات، ماء اللحم، ماء زمزم۔
حَتّٰٓى : حتی کہ، حتی الامکان۔
يَجِدْهُ : وجود، موجود۔
عِنْدَهٗ : عند الطلب، عند اللہ ماجور۔
فَوَفّٰىهُ : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔
حِسَابَهٗ : حساب وکتاب، احتساب۔
سَرِيْعُ : سریع الحرکت، سرعت۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اَوْ	كَظُلُمٰتٍ [1] [2]	فِيْ بَحْرٍ	لُّجِّيٍّ [3]	يَّغْشٰىهُ
یا	اندھیروں کی طرح	سمندر میں	بہت گہرے	وہ ڈھانپ رہی ہو اسے

مَوْجٌ [4]	مِّنْ فَوْقِهٖ	مَوْجٌ [4]	مِّنْ فَوْقِهٖ	سَحَابٌ ط [4]
ایک موج	اسکے اوپر	ایک (اور) موج (ہو)	اسکے اوپر	ایک بادل (ہو)

ظُلُمٰتٌ [2]	بَعْضُهَا	فَوْقَ بَعْضٍ ط	اِذَآ	اَخْرَجَ [5]
اندھیرے (ہوں)	ان کے بعض	بعض (کے) اوپر (ہوں)	جب	وہ نکالے

يَدَهٗ	لَمْ	يَكَدْ [6]	يَرٰىهَا ط	وَ	مَنْ	لَّمْ
اپنا ہاتھ	نہیں	وہ قریب ہے کہ	وہ دیکھ سکے اسے	اور	جو	نہ

يَجْعَلِ [6]	اللّٰهُ [7]	لَهٗ [8]	نُوْرًا [4]	فَمَا [9]	لَهٗ [8]
وہ بنائے	اللہ	اس کے لیے	کوئی نور	تو نہیں	اس کے لیے

مِنْ نُّوْرٍ [10] [4] ع (40)	اَ [11]	لَمْ تَرَ [6] [12]	اَنَّ اللّٰهَ	يُسَبِّحُ
کوئی نور	کیا	نہیں آپ نے دیکھا	کہ بیشک اللہ (ہے)	(ہر) وہ تسبیح بیان کرتا ہے

ع 5 6 11

لَهٗ [8]	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ [2]	وَالْاَرْضِ	وَالطَّيْرُ
اس کی	جو (بھی)	آسمانوں میں	اور زمین (میں ہے)	اور پرندے

صٰٓفّٰتٍ ط [2]	كُلٌّ	قَدْ	عَلِمَ	صَلَاتَهٗ	وَ
پَر پھیلائے ہوئے	ہر ایک	یقیناً	جان چکا ہے	اپنی نماز (کو)	اور

تَسْبِيْحَهٗ ط	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ م	بِمَا	يَفْعَلُوْنَ (41)
اپنی تسبیح (کو)	اور اللہ	خوب جاننے والا (ہے)	(اس) کو جو	وہ سب کرتے ہیں

وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ ج
اور	اللہ ہی کے لیے	بادشاہی	آسمانوں (کی)	اور	زمین (کی)

وَ	اِلَى اللّٰهِ	الْمَصِيْرُ (42)	اَ [11]	لَمْ	تَرَ [6] [12]
اور	اللہ کی طرف	لوٹ کر جانا (ہے)	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا

اَنَّ	اللّٰهَ	يُزْجِيْ	سَحَابًا [13]	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ
کہ بے شک	اللہ	وہ چلاتا ہے	بادل	پھر	وہ ملاتا ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] "کَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔

[2] ات اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] لُّجِّيٍّ دراصل لُجٌّ + یّ آخر میں نسبت کے لیے یّ مشدد لگائی گئی ہے یعنی بہت گہرائی والا۔

[4] ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جس کا ترجمہ ایک، کوئی، کچھ یا کسی کیا جاسکتا ہے۔

[5] فعل کے شروع میں "اَ"، فعل کے معنی میں تبدیلی کے لیے ہوتا ہے مثلاً: خَرَجَ: وہ نکلا، اَخْرَجَ: اس نے نکالا۔

[6] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[7] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[8] لَهٗ میں "لَ" دراصل لِ تھا جس کا ترجمہ کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔

[9] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[10] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[11] علامت "اَ" اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔

[12] یہ دراصل تَرْءَیُ تھا ہمزہ کی زبر پہلے حرف کو دے کر اُسے گرایا گیا ہے اور پھر قاعدے کے مطابق لَمْ کی وجہ سے آخر سے ی کو بھی گرایا گیا ہے اور اَلَمْ تَرَ کا مفہوم اَلَمْ تَعْلَمْ ہے یعنی کیا آپ نے نہیں جانا ہے۔

[13] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ	یا (کافروں کے اعمال ایسے ہیں) جیسے اندھیرے ہوں
فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ	بہت گہرے سمندر میں اسے ڈھانپ رہی ہو
مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ	ایک موج اس کے اُوپر ایک اور موج ہو
مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ	(اور) اس کے اوپر ایک بادل ہو
ظُلُمٰتٌۢ	(غرض اندھیرے ہی) اندھیرے ہوں
بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ	ان میں سے بعض بعض کے اوپر ہوں، جب
اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ	وہ اپنا ہاتھ نکالے قریب نہیں (کہ) وہ اسے دیکھ سکے
وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا	اور جس شخص کے لیے اللہ کوئی نور نہ بنائے
ع 5 6 11 فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿40﴾	تو اس کے لیے (کہیں سے) کوئی نور نہیں ہے۔ ع ﴿40﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ ہے
يُسَبِّحُ لَهٗ	(کہ ہر کوئی) اس کی تسبیح کرتا ہے
مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	جو (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے
وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ	اور پرندے بھی پر پھیلائے ہوئے (اسکی تسبیح کرتے ہیں)
كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ	یقیناً ہر ایک اپنی نماز (یعنی عبادت) جان چکا ہے
وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ	اور اپنی تسبیح (کا طریقہ بھی) اور اللہ
عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿41﴾	خوب جاننے والا ہے اسکو جو وہ کرتے ہیں۔ ﴿41﴾
وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿42﴾	اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ ﴿42﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ
يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ	بادل کو چلاتا ہے پھر وہ ملاتا ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

كَظُلُمٰتٍ : ظلمت، بحر ظلمات۔
بَحْرٍ : بحر قلزم، بحیرۂ عرب۔
يَّغْشٰىهُ : غشی طاری ہونا۔
مَوْجٌ : موج در موج، فوج ظفر موج۔
مِّنْ : من حیث القوم، اظہر من الشمس۔
فَوْقِهٖ : فوقیت، مافوق الفطرت، فائق۔
بَعْضٍ : بعض لوگ، بعض اوقات۔
اَخْرَجَ : خارج، اخراج، وزیر خارجہ۔
يَدَهٗ : ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
يَرٰىهَا : رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ۔
وَ : وسیع و عریض، شان و شوکت۔
نُوْرًا : نور، منور، نورانیت، نورانی۔
مِنْ : من و عن، من حیث القوم۔
نُّوْرٍ : نور، منور، نورانیت، نورانی۔
يُسَبِّحُ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
السَّمٰوٰتِ : کتب سماویہ، ارض و سما۔
الْاَرْضِ : ارض و سما، اراضی، قطعہ ارض۔
الطَّيْرُ : طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔
كُلٌّ : کل کائنات، کل تعداد، کل نمبر۔
عَلِمَ : علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
صَلَاتَهٗ : صوم و صلوٰۃ، مصلّی۔
تَسْبِيْحَهٗ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
عَلِيْمٌ : علم، عالم، تعلیم، معلومات۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
مُلْكُ : ملک، مالک، ملکیت۔
اِلَى : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
وَ : خیر و شر، صدقہ و خیرات۔
يُؤَلِّفُ : الفت، تالیف قلب، مالوف وطن۔

بَيْنَهٗ [1]	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ [1]	رُكَامًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ [2]
اس کے درمیان	پھر	وہ کر دیتا ہے اسے	تہ بہ تہ	پھر آپ دیکھتے ہیں	بارش (کو)

يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ ج [1][3]	وَ	يُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ
وہ نکلتی ہے	اس کے درمیان سے	اور	وہ اُتارتا ہے	آسمان سے

مِنْ جِبَالٍ [4]	فِيْهَا	مِنْ بَرَدٍ [5][6]	فَيُصِيْبُ	بِهٖ [7]
پہاڑوں میں سے	(جو) اس میں (ہیں)	کچھ اولے	پھر وہ پہنچا (برسا) دیتا ہے	اس کو

مَنْ [8]	يَّشَآءُ	وَ	يَصْرِفُهٗ [1]	عَنْ مَّنْ [8]
جس پر	وہ چاہتا ہے	اور	وہ پھیر دیتا ہے اسے	جس سے

يَّشَآءُ ط	يَكَادُ	سَنَا	بَرْقِهٖ [1]	يَذْهَبُ
وہ چاہتا ہے	وہ قریب ہے کہ	چمک	اس کی بجلی (کی)	وہ لے جائے

بِالْاَبْصَارِ [7] ط (43)	يُقَلِّبُ	اللّٰهُ	الَّيْلَ [2]	وَ
نگاہوں کو	وہ پھیرتا ہے	اللہ	رات	اور

النَّهَارَ ط	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ [9]	لَعِبْرَةً [10][11]	لِّاُولِي الْاَبْصَارِ [10] (44)
دن (کو)	بلاشبہ	اس میں	یقیناً عبرت (ہے)	آنکھوں والوں کے لیے

وَ	اللّٰهُ	خَلَقَ	كُلَّ	دَآبَّةٍ [11]	مِّنْ مَّآءٍ ج
اور	اللہ	اس نے پیدا کیا	ہر	جانور	پانی سے

فَمِنْهُمْ	مَّنْ [8]	يَّمْشِيْ	عَلٰى بَطْنِهٖ ج [12][1][13]	وَ
پھر ان میں سے	جو	وہ چلتا ہے	اپنے پیٹ کے بل	اور

مِنْهُمْ	مَّنْ [8]	يَّمْشِيْ	عَلٰى رِجْلَيْنِ ج [14]	وَ	مِنْهُمْ
ان میں سے	جو	وہ چلتا ہے	دو پاؤں پر	اور	ان میں سے

مَّنْ [8]	يَّمْشِيْ	عَلٰٓى اَرْبَعٍ ج [15]	يَخْلُقُ	اللّٰهُ	مَا
جو	وہ چلتا ہے	چار (پاؤں) پر	وہ پیدا کرتا ہے	اللہ	جو

يَشَآءُ ط [16]	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (45)
وہ چاہتا ہے	بیشک اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 ٗہ یا ہٖ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے یا اس کو کیا جاتا ہے۔

2 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

3 خِلٰلٌ خَلَلٌ کی جمع ہے، جس کا معنی شگاف، دراڑ یا سوراخ بھی ہوتا ہے۔

4 اس سے مراد یا تو اولوں کے پہاڑوں سے یا بادلوں کے پہاڑوں سے اولے برساتا ہے۔

5 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

6 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، جسکا ترجمہ کوئی، کچھ کیا جاتا ہے۔

7 بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

8 مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون یا کس بھی کیا جاتا ہے۔

9 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

10 اسم کے شروع میں لَ کا ترجمہ یقیناً یا ضرور اور لِ کا ترجمہ کے لیے کیا جاتا ہے۔

11 ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

12 عَلٰى کا اصل ترجمہ پر ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ کے بل بھی کیا جاتا ہے۔

13 مثلاً سانپ، مچھلی اور دیگر رینگنے والے کیڑے مکوڑے وغیرہ۔

14 جیسے انسان، پرندے وغیرہ۔

15 جیسے گائے، بھینس، گھوڑے اور درندے وغیرہ۔

16 اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کچھ حیوانات ایسے بھی ہیں جنکے چار سے بھی زیادہ پاؤں ہیں مثلاً: کیکڑا، مکڑی اور بہت سے زمینی کیڑے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

بَيۡنَهٗ	اس کے درمیان (یعنی بادل کے ٹکڑے آپس میں ملاتا ہے)
ثُمَّ يَجۡعَلُهٗ رُكَامًا	پھر وہ اسے تہ بہ تہ کر دیتا ہے
فَتَرَى الۡوَدۡقَ	پھر آپ بارش کو دیکھتے ہیں
يَخۡرُجُ مِنۡ خِلٰلِهٖ‌ۚ	(کہ) وہ اس (بادل) کے درمیان سے نکلتی ہے
وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ	اور وہ آسمان سے اُتارتا ہے
مِنۡ جِبَالٍ فِيۡهَا مِنۡۢ بَرَدٍ	کچھ اولے (اولوں کے اُن) پہاڑوں سے (جو) اُن میں ہیں
فَيُصِيۡبُ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ	پھر اسکو (یعنی اولوں کو) پہنچادیتا ہے جسکے پاس وہ چاہتا ہے
وَيَصۡرِفُهٗ عَنۡ مَّنۡ يَّشَآءُ‌ؕ	اور وہ اُسے پھیر دیتا ہے جس سے وہ چاہتا ہے
يَكَادُ سَنَا بَرۡقِهٖ	قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک
يَذۡهَبُ بِالۡاَبۡصَارِؕ ﴿43﴾	نگاہوں کو لے جائے۔ ﴿43﴾
يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ‌ؕ	اللہ ہی رات اور دن کو پھیرتا (یعنی بدلتا) رہتا ہے
اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً	بلاشبہ یقیناً اس میں عبرت ہے
لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ ﴿44﴾ وَاللّٰهُ	آنکھوں والوں کے لیے۔ ﴿44﴾ اللہ ہی نے
خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنۡ مَّآءٍ‌ۚ	اور ہر چلنے پھرنے والے جاندار کو پانی سے پیدا کیا
فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ‌ۚ	پھر ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں
وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى رِجۡلَيۡنِ‌ۚ	اور ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو دو پاؤں پر چلتے ہیں
وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰٓى اَرۡبَعٍ‌ؕ	اور ان میں سے (کچھ ایسے ہیں) جو چار (پاؤں) پر چلتے ہیں،
يَخۡلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ‌ؕ	اللہ جو چاہتا ہے، پیدا کرتا ہے
اِنَّ اللّٰهَ	بے شک اللہ
عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿45﴾	ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿45﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- بَيۡنَهٗ : بین بین، بین الاقوامی۔
- فَتَرَى : رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ
- يَخۡرُجُ : خارج، اخراج، وزیر خارجہ۔
- مِنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
- خِلٰلِهٖ : خلل، مخل، خلال۔
- وَ : مال وجان، مال ودولت۔
- يُنَزِّلُ : نازل، نزول، منزل من اللہ۔
- السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسما۔
- جِبَالٍ : جبل اُحد، جبل رحمت۔
- فِيۡهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
- فَيُصِيۡبُ : مصیبت، مصائب۔
- يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
- يَصۡرِفُهٗ : صرفِ نظر، مصروف۔
- بَرۡقِهٖ : برقی رو، برق رفتار۔
- بِالۡاَبۡصَارِ : بصر، بصارت، بصیرت۔
- يُقَلِّبُ : انقلاب، انقلابی اقدام۔
- الَّيۡلَ، النَّهَارَ : لیل ونہار، لیلۃ القدر، نہار منہ۔
- لَعِبۡرَةً : نشان عبرت، عبرت آموز۔
- لِّاُولِى : اولوالعزم، اولوالعلم۔
- الۡاَبۡصَارِ : بصر، بصارت، بصیرت۔
- خَلَقَ : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔
- كُلَّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
- مَّآءٍ : ماءالحیات، ماءاللحم، ماءزمزم۔
- بَطۡنِهٖ : بطن مادر، باطنی، بطن زمین۔
- عَلٰى : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
- اَرۡبَعٍ : آئمہ اربعہ، مربع، رباعی۔
- مَا : ماحول، ماتحت، مافوق الفطرت۔
- يَشَآءُ : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
- شَىۡءٍ : شے، اشیائے خورد ونوش۔
- قَدِيۡرٌ : قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔

لَقَدْ	اَنْزَلْنَآ [1]	اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ط [2][3]	وَاللّٰهُ	يَهْدِيْ
بلاشبہ یقیناً	ہم نے نازل کیں	کھول کر بیان کرنے والی آیات	اور اللہ	وہ ہدایت دیتا ہے

مَنْ	يَّشَآءُ	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (46)	وَيَقُوْلُوْنَ	اٰمَنَّا
جسے	وہ چاہتا ہے	سیدھے راستے کی طرف	اور وہ سب کہتے ہیں	ہم ایمان لائے

بِاللّٰهِ [4]	وَبِالرَّسُوْلِ [4]	وَاَطَعْنَا [1]	ثُمَّ	يَتَوَلّٰى [5]
اللہ پر	اور رسول پر	اور ہم نے اطاعت کی	پھر	وہ پھر جاتا ہے

فَرِيْقٌ [6]	مِّنْهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ط [7]	وَمَآ	اُولٰٓئِكَ [8]
ایک فریق	ان میں سے	اس کے بعد	اور نہیں	وہ (لوگ)

بِالْمُؤْمِنِيْنَ (47) [3][9]	وَاِذَا [10]	دُعُوْٓا [11]	اِلَى اللّٰهِ
ہرگز سب ایمان لانے والے	اور جب	وہ سب بلائے جائیں	اللہ کی طرف

وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ [12]	بَيْنَهُمْ	اِذَا [10]	فَرِيْقٌ [6]
اور اس کے رسول (کی طرف)	تاکہ وہ فیصلہ کرے	ان کے درمیان	اچانک	ایک گروہ

مِّنْهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ (48) [3]	وَاِنْ	يَّكُنْ	لَّهُمُ
ان میں سے	سب اعراض کرنے والے	اور اگر	وہ ہو	ان کیلیے

الْحَقُّ	يَاْتُوْٓا	اِلَيْهِ	مُذْعِنِيْنَ (49) ط [3]	اَ [13]
حق	وہ سب آتے ہیں	اس کی طرف	سب فرمانبرداری کرنے والے (بن کر)	کیا

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ [6]	اَمِ [14]	ارْتَابُوْٓا	اَمْ
ان کے دلوں میں	کوئی مرض ہے	یا	وہ سب شک میں پڑ گئے ہیں	یا

يَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّحِيْفَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	رَسُوْلُهٗ ط
وہ سب ڈرتے ہیں	کہ	وہ ظلم کرے گا	اللہ	ان پر	اور	اسکا رسول

بَلْ	اُولٰٓئِكَ [8]	هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (50) ع	اِنَّمَا [15]	كَانَ	قَوْلَ
بلکہ	وہ (لوگ)	ہی سب ظلم کرنے والے	یقیناً صرف (یہی)	(ہوتی) ہے	بات

الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذَا	دُعُوْٓا [11]	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ
سب مومنوں کی	جب	وہ سب بلائے جائیں	اللہ کی طرف	اور اس کے رسول (کی طرف)

ع 6 10 12 الثلثة

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[2] اٰت اسم کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

[5] علامت "تّ" اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[6] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے، ترجمہ ایک یا کوئی کیا جاتا ہے۔

[7] لفظ بَعْدِ سے پہلے اگر مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[8] اُولٰٓئِكَ یہ اشارہ بعید ہے، عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

[9] بِ سے پہلے اگر مَا گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی، البتہ اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ بالکل یا ہرگز کیا جاتا ہے۔

[10] اِذَا کا ترجمہ عموماً جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔

[11] دُعُوْٓا دراصل دُعِوُوْا تھا گرامر کے اصول کے مطابق و کی پیش پچھلے حرف کو دے کر و کو حذف کیا گیا ہے۔

[12] فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

[13] علامت "أ" اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔

[14] یہ دراصل اَمْ ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اسے زیر دی گئی ہے۔

[15] اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں بیشک صرف یہی، محض یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔

لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ	بلاشبہ یقیناً ہم نے نازل کیں
اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ	کھول کر بیان کرنے والی آیات
وَاللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ	اور اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿46﴾	سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿46﴾
وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا	اور وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے
بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ وَاَطَعۡنَا	اللہ پر اور رسول پر اور ہم نے اطاعت کی
ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ	پھر ان میں سے ایک فریق پھر جاتا ہے
مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ؕ	اس کے بعد
وَمَاۤ اُولٰۤـئِكَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿47﴾	اور وہ لوگ ہرگز ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ ﴿47﴾
وَاِذَا دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ	اور جب وہ اللہ اور اسکے رسول کی طرف بلائے جائیں
لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ اِذَا فَرِيۡقٌ	تاکہ وہ انکے درمیان فیصلہ کرے (تو) اچانک کچھ لوگ
مِّنۡهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿48﴾	ان میں سے اعراض کرنے والے ہوتے ہیں ﴿48﴾
وَاِنۡ يَّكُنۡ لَّهُمُ الۡحَـقُّ	اور اگر ان کے لیے حق ہو (یعنی انہیں حق پہنچتا ہو)
يَاۡتُوۡۤا اِلَيۡهِ مُذۡعِنِيۡنَ ﴿49﴾ ؕ	(تو) وہ مطیع ہو کر اس کی طرف چلے آتے ہیں۔ ﴿49﴾
اَفِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ	کیا ان کے دلوں میں کوئی مرض ہے
اَمِ ارۡتَابُوۡۤا اَمۡ يَخَافُوۡنَ	یا وہ شک میں پڑ گئے ہیں یا وہ ڈرتے ہیں
اَنۡ يَّحِيۡفَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ وَرَسُوۡلُهٗ ؕ	کہ ان پر اللہ اور اس کا رسول ظلم کرے گا
بَلۡ اُولٰۤـئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿50﴾ ع	(نہیں) بلکہ وہ (خود) ہی ظالم ہیں۔ ﴿50﴾ ع
اِنَّمَا كَانَ قَوۡلَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	(پکے) ایمان والوں کا قول (یعنی جواب) محض یہی ہوتا ہے
اِذَا دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ	جب وہ اللہ اور اسکے رسول کی طرف بلائے جائیں

ع 6 10 12 الثلثة

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اَنۡزَلۡنَاۤ	نازل، انزال، منزل من اللہ۔
مُّبَيِّنٰتٍ	بیان، دلیلِ بیّن، مبیّنہ طور پر۔
يَهۡدِىۡ	ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
صِرَاطٍ	صراطِ مستقیم، پلِ صراط۔
مُّسۡتَقِيۡمٍ	صراطِ مستقیم، خطِ مستقیم۔
يَقُوۡلُوۡنَ	قول، اقوال، اقوالِ زریں۔
اٰمَنَّا	ایمان، مؤمن، امن۔
اَطَعۡنَا	اطاعت، مطیع، استطاعت۔
فَرِيۡقٌ	فریقِ ثانی، تفریق، فرق۔
مِّنۡهُمۡ	من وعن، من حیث القوم۔
بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
دُعُوۡۤا	دعا، دعوت، الداعی الی الخیر۔
اِلَى	رجوع الی اللہ، الداعی الی الخیر۔
رَسُوۡلِهٖ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالہ۔
لِيَحۡكُمَ	حکم، احکام، محکوم، حکومت۔
بَيۡنَهُمۡ	بین السطور، بین الاقوامی۔
مُّعۡرِضُوۡنَ	اعراض کرنا۔
الۡحَـقُّ	حق وباطل، حقیقی بھائی۔
فِىۡ	فی الحال، فی الحقیقت۔
قُلُوۡبِهِمۡ	امراضِ قلب، قلوب واذہان۔
مَّرَضٌ	مرض، مریض، امراضِ قلب۔
ارۡتَابُوۡۤا	لاریب۔
يَخَافُوۡنَ	خوف، خائف، خوف وہراس
عَلَيۡهِمۡ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم
بَلۡ	بلکہ۔
الظّٰلِمُوۡنَ	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قَوۡلَ	قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
الۡمُؤۡمِنِيۡنَ	ایمان، مؤمن، امن۔
دُعُوۡۤا	دعا، مدعو، الداعی الی الخیر۔
رَسُوۡلِهٖ	رسول، مرسل، رسالت۔

لِيَحْكُمَ [1]	بَيْنَهُمْ	اَنْ	يَّقُوْلُوْا	سَمِعْنَا
تاکہ وہ فیصلہ کرے	انکے درمیان	یہ کہ	وہ سب کہتے ہیں	ہم نے سنا

وَاَطَعْنَا ط	وَاُولٰٓئِكَ [2]	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ [3][4] (51)	وَمَنْ	يُّطِعِ
اور ہم نے اطاعت کی	اور یہی (لوگ)	ہی سب فلاح پانے والے	اور جو	وہ اطاعت کرے

اللّٰهَ [5]	وَ	رَسُوْلَهٗ	وَ	يَخْشَ اللّٰهَ [5]	وَ
اللہ	اور	اس کے رسول (کی)	اور	وہ ڈرے اللہ سے	اور

يَتَّقْهِ	فَاُولٰٓئِكَ [2]	هُمُ الْفَآئِزُوْنَ [3][6] (52)	وَ
وہ تقویٰ اختیار کرے اس کا	تو یہی (لوگ)	ہی سب کامیاب ہونے والے	اور

اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ [7]	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ
ان سب نے قسمیں کھائیں	اللہ کی	اپنی قسموں کو پختہ کرکے	بلاشبہ اگر

اَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ ط [8]	قُلْ	لَّا تُقْسِمُوْا ج [9]
آپ حکم دیں اُنہیں	بلاشبہ ضرور وہ نکلیں گے	آپ کہہ دیجیے	تم سب قسمیں مت کھاؤ

طَاعَةٌ [10]	مَّعْرُوْفَةٌ ط [10]	اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا [7]
اطاعت	جانی پہچانی	بے شک	اللہ	خوب خبردار (ہے)	(اس) سے جو

تَعْمَلُوْنَ (53)	قُلْ	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ
تم سب عمل کرتے ہو	آپ کہہ دیجیے	سب اطاعت کرو	اللہ (کی)	اور

اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ ج	فَاِنْ	تَوَلَّوْا [11]	فَاِنَّمَا [12]
سب اطاعت کرو	رسول (کی)	پھر اگر	تم سب پھر جاؤ	تو بے شک صرف

عَلَيْهِ	مَا	حُمِّلَ [13]	وَ	عَلَيْكُمْ	مَّا
اس پر (ہے)	جو	اس پر بوجھ ڈالا گیا	اور	تم پر (ہے)	جو

حُمِّلْتُمْ ط [13]	وَاِنْ	تُطِيْعُوْهُ [14]	تَهْتَدُوْا ط
تم پر بوجھ ڈالا گیا	اور اگر	تم سب اطاعت کروگے اسکی	تم سب ہدایت پا جاؤ گے

وَمَا	عَلَى الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ (54)
اور نہیں	رسول پر	مگر	پہنچا دینا	صاف صاف

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو اس لِ کا ترجمہ تاکہ کیا جاتا ہے۔

[2] اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔

[3] هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[4] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[6] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[7] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ، کی، کے، کو کبھی اس وجہ سے بھی کیا جاتا ہے۔

[8] لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں سب کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[10] طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ کے اور بھی کئی مفہوم ہیں: (1) پسندیدہ، فرمانبرداری درکار ہے۔ (2) تمہاری اطاعت کی حقیقت معلوم ہے۔ (3) دستور کے مطابق اطاعت کرنا تمہارے لیے زیادہ مناسب ہے۔

[11] تَوَلَّوْا اصل میں تَتَوَلَّوْنَ تھا تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے گرامر کے قاعدے کے مطابق تَوَلَّوْا ہوا ہے۔

[12] اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں بیشک صرف، محض یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ	تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے
اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ	یہ کہ وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿51﴾	اور یہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿51﴾
وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے
وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ	اور وہ اللہ سے ڈرے اور اسکے ساتھ تقویٰ اختیار کرے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿52﴾	تو یہی لوگ ہی کامیاب ہونے والے۔ ﴿52﴾
وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ	اور انہوں نے اللہ کی قسمیں کھائیں
جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ	اپنی قسموں کو پختہ کر کے
لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ	بلاشبہ اگر آپ انہیں (جہاد کا) حکم دیں بلاشبہ ضرور وہ نکلیں گے
قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ	آپ کہہ دیجئے تم قسمیں مت کھاؤ،
طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	(تمہاری) اطاعت جانی پہچانی ہے، بے شک اللہ
خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿53﴾	بہت خبردار ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿53﴾
قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ	کہہ دیجئے اللہ کی اطاعت کرو
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا	اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر جاؤ
فَاِنَّمَا عَلَيْهِ	تو بیشک اس (رسول) کے ذمے صرف (وہی) ہے
مَا حُمِّلَ	جو اس پر بوجھ ڈالا گیا ہے
وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ	اور تمہارے ذمے ہے جو تم پر بوجھ ڈالا گیا ہے
وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ	اور اگر تم اسکی اطاعت کرو گے (تو) ہدایت پا جاؤ گے
وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ	اور نہیں ہے رسول کے ذمے
اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿54﴾	مگر صاف صاف پہنچا دینا۔ ﴿54﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لِيَحْكُمَ	: حکم، حاکم، محکوم، حکومت۔
بَيْنَهُمْ	: بین السطور، بین الاقوامی۔
يَقُوْلُوْا	: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
سَمِعْنَا	: سمع و بصر، آلۂ سماعت۔
وَ	: قرآن و حدیث، لیل و نہار۔
اَطَعْنَا	: اطاعت، مطیع، استطاعت۔
الْمُفْلِحُوْنَ	: فلاحِ دارین، فلاحی ادارہ۔
يَخْشَ	: خشیتِ الٰہی۔
يَتَّقْهِ	: تقویٰ، متقی۔
الْفَآئِزُوْنَ	: فوز و فلاح، فائز۔
اَقْسَمُوْا	: قسم کھانا، قسمیں۔
اَمَرْتَهُمْ	: امر، آمر، مامور، امارت، امور۔
لَيَخْرُجُنَّ	: خارج، اخراج، وزیرِ خارجہ۔
لَا	: لاتعداد، لاجواب، لامحالہ۔
تُقْسِمُوْا	: قسم کھانا، قسمیں۔
طَاعَةٌ	: اطاعت، مطیع، استطاعت۔
مَعْرُوْفَةٌ	: عرف، معروف، تعارف۔
خَبِيْرٌ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
بِمَا	: بالمقابل، بالواسطہ، بالکل۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، عامل، تعمیل، معمولات۔
قُلْ	: قول، اقوال، اقوالِ زریں۔
مَا	: ماحول، ماجرا، مافوق الفطرت۔
وَ	: لیل و نہار، شان و شوکت۔
الرَّسُوْلَ	: رسول، مرسل، رسالت۔
حُمِّلَ	: حمل، حامل، حاملہ۔
تُطِيْعُوْهُ	: اطاعت، مطیع، استطاعت۔
تَهْتَدُوْا	: ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
الْبَلٰغُ	: بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔
الْمُبِيْنُ	: بیان، دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَعَدَ	اللّٰهُ [1]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَ
وعدہ کیا	اللہ نے	(ان سے) جو	سب ایمان لائے	تم میں سے	اور

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ [2]	لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ [3][4]	فِي الْاَرْضِ
سب نے اعمال کیے	نیک	بلاشبہ ضرور وہ جانشین بنائے گا اُنہیں	زمین میں

كَمَا [5]	اسْتَخْلَفَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ ص	وَ
جس طرح	اس نے جانشین بنایا	(ان کو) جو	ان سے پہلے (تھے)	اور

لَيُمَكِّنَنَّ [3]	لَهُمْ [6]	دِيْنَهُمُ [7]	الَّذِي
ضرور بالضرور وہ مضبوط کرے گا	ان کے لیے	ان کا دین	جو

ارْتَضٰى	لَهُمْ [6]	وَ	لَيُبَدِّلَنَّهُمْ [3][4]
اس نے پسند کیا	ان کے لیے	اور	بلاشبہ ضرور وہ بدل (کر) دے گا اُنہیں

مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ [7][8]	اَمْنًا ط	يَعْبُدُوْنَنِيْ [9]	لَا
ان کے خوف کے بعد	امن	وہ سب میری عبادت کریں گے	نہیں

يُشْرِكُوْنَ [10]	بِيْ	شَيْـًٔا ط	وَ	مَنْ
وہ سب شریک ٹھہرائیں گے	میرے ساتھ	کسی چیز کو	اور	جو

كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ [11]	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْفٰسِقُوْنَ [12] ﴿55﴾
کفر کرے	اس (کے) بعد	تو وہ (لوگ)	ہی سب نافرمانی کرنے والے (ہیں)

وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ [2][13]	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ [2][13]	وَ
اور تم سب قائم کرو	نماز	اور تم سب ادا کرو	زکوٰۃ	اور

اَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ [13]	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ [14] ﴿56﴾
تم سب اطاعت کرو	رسول (کی)	تاکہ تم	تم سب رحم کیے جاؤ

لَا تَحْسَبَنَّ [15]	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مُعْجِزِيْنَ [16]
ہرگز نہ آپ گمان کریں	جن	سب نے کفر کیا	سب عاجز کر دینے والے (ہیں)

فِي الْاَرْضِ ج	وَ	مَاْوٰىهُمُ	النَّارُ ط
زمین میں	اور	ان کا ٹھکانا	آگ (ہے)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
2. ات ، ۃ اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
3. لَ فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔
4. هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔
5. "كَ" اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، ترجمہ مثل، مانند، جیسے یا کی طرح کیا جاتا ہے۔
6. لَهُمْ میں "لَ" دراصل "لِ" تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔
7. هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
8. یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
9. اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔
10. لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
11. ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔
12. هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔
13. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
14. فعل کے شروع میں علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
15. لَا فعل کے شروع میں اور آخر میں نّ میں نفی کی تاکید کے ساتھ حکم ہوتا ہے۔
16. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا جو ایمان لائے
مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	تم میں سے اور انہوں نے نیک اعمال کیے
لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ	بلاشبہ ضرور وہ انہیں زمین میں جانشین بنائے گا
كَمَا اسْتَخْلَفَ	جیسا کہ اس نے جانشین بنایا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۠	ان لوگوں کو جو ان سے پہلے تھے
وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ	اور ضرور بالضرور وہ ان کے لیے مضبوط کرے گا
دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ	ان کے اُس دین کو جو اس نے ان کے لیے پسند کیا
وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ	اور بلاشبہ ضرور وہ انہیں بدل کر دے گا
مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ	امن ان کے خوف کے بعد
يَعْبُدُوْنَنِيْ	وہ میری عبادت کریں گے
لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ۭ	وہ میرے ساتھ کسی چیز کو بھی شریک نہیں ٹھہرائیں گے
وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ	اور جس نے اس کے بعد کفر کیا
فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (55)	تو وہی لوگ ہی نافرمان ہیں۔ (55)
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ	اور نماز قائم کرو
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	اور زکوٰۃ ادا کرو
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	اور رسول کی اطاعت کرو
لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (56)	تاکہ تم رحم کیے جاؤ۔ (56)
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ	آپ ہرگز (یہ) گمان نہ کریں (کہ) وہ لوگ جنھوں نے
كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ	کفر کیا (وہ ہمیں ادھر ادھر بھاگ کر) زمین میں عاجز کر دینے والے ہیں
وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ	اور ان کا (اصل) ٹھکانا جہنم ہی ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَعَدَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
- اٰمَنُوْا : ایمان، مؤمن، امن۔
- مِنْكُمْ : منجانب، من حیث القوم۔
- وَ : شام وسحر، شان وشوکت۔
- عَمِلُوْا : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔
- الصّٰلِحٰتِ : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
- لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ : خلیفہ، خلافت خلف۔
- فِي : فی الحال، فی الحقیقت۔
- كَمَا : کماحقہ، کالعدم/ماحول، ماجرا۔
- قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل الکلام۔
- دِيْنَهُمْ : دین اسلام، دین ودنیا۔
- ارْتَضٰى : راضی، مرضی، رضائے الٰہی۔
- لَيُبَدِّلَنَّهُمْ : تبدیل، متبادل، تبادلہ۔
- بَعْدِ : بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء
- خَوْفِهِمْ : خوف، خائف، خوف وہراس
- اَمْنًا : ایمان، مؤمن، امن۔
- يَعْبُدُوْنَنِيْ : عابد، عبادت، معبود۔
- لَا : لاجواب، لاتعداد، لا علم۔
- يُشْرِكُوْنَ : شرک، مشرک، شراکت۔
- بِيْ : بالمقابل، بالواسطہ، بالکل۔
- كَفَرَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- بَعْدَ : بعد از کلام، بعد از نماز۔
- الْفٰسِقُوْنَ : فسق وفجور، فاسق فاجر۔
- اَقِيْمُوْا : قائم، قیام، اقامت دین۔
- اَطِيْعُوْا : اطاعت، مطیع، استطاعت۔
- تُرْحَمُوْنَ : رحمت، رحم، مرحوم۔
- لَا تَحْسَبَنَّ : حسبِ ضرورت، حسبِ حال
- مُعْجِزِيْنَ : عاجز، عاجزی، عجز ونیاز۔
- الْاَرْضِ : ارض وسما، ارض مقدس۔
- مَاْوٰىهُمْ : ملجا وماویٰ۔

- کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے
- نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے
- سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

ع 7 7 13

وَ	لَبِئْسَ [1]	الْمَصِيْرُ (57) ع	يٰٓاَيُّهَا [2]	الَّذِيْنَ [3]
اور	یقیناً بہت بُرا	ٹھکانا	اے	(وہ لوگ) جو

اٰمَنُوْا	لِيَسْتَاْذِنْكُمُ [4]	الَّذِيْنَ [3]	مَلَكَتْ [5]
سب ایمان لائے ہو	چاہیے کہ وہ اجازت طلب کریں تم سے	جن (کے)	مالک بنے

اَيْمَانُكُمْ [6]	وَالَّذِيْنَ [3]	لَمْ	يَبْلُغُوا [7]	الْحُلُمَ
تمہارے دائیں ہاتھ	اور جو	نہیں	وہ سب پہنچے ہیں	بلوغت (کو)

مِنْكُمْ	ثَلٰثَ	مَرّٰتٍ ط [8][9]	مِنْ قَبْلِ [10]	صَلٰوةِ الْفَجْرِ [8]
تم میں سے	تین	مرتبہ	پہلے	فجر کی نماز (سے)

وَ	حِيْنَ	تَضَعُوْنَ	ثِيَابَكُمْ [6]	مِّنَ الظَّهِيْرَةِ [8][11]
اور	جب	تم سب اتار دیتے ہو	اپنے کپڑے	دوپہر کو

وَ	مِنْۢ بَعْدِ [10]	صَلٰوةِ الْعِشَآءِ قف [8]	ثَلٰثُ	عَوْرٰتٍ [8]
اور	بعد	عشاء کی نماز (کے)	تین	پردے (کے اوقات)

لَّكُمْ ط	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	وَلَا	عَلَيْهِمْ
تمہارے لیے	نہیں	تم پر	اور نہ	اُن پر

جُنَاحٌۢ [12]	بَعْدَهُنَّ ط	طَوّٰفُوْنَ	عَلَيْكُمْ
کوئی گناہ	ان کے بعد	سب بکثرت پھرنے والے (ہیں)	تم پر

بَعْضُكُمْ	عَلٰى بَعْضٍ ط	كَذٰلِكَ [13]	يُبَيِّنُ
تمہارے بعض	بعض پر	اس طرح	وہ کھول کھول کر بیان کرتا ہے

اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ ط [8]	وَ	اللّٰهُ
اللہ	تمہارے لیے	آیات	اور	اللہ

عَلِيْمٌ [14]	حَكِيْمٌ [14] (58)	وَاِذَا	بَلَغَ
خوب علم والا	کمال حکمت والا	اور جب	پہنچ جائیں

الْاَطْفَالُ	مِنْكُمُ	الْحُلُمَ	فَلْيَسْتَاْذِنُوْا [15]
بچے	تم میں سے	بلوغت (کو)	تو چاہیے کہ وہ سب اجازت مانگیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

